روحانی وجسمانی امراض، نفسیاتی، ذہنی، کاروباری الغرض تمام الجھنوں اور پریشانیوں کا حل خزینۂ روحانیات

DECEMBER'17

ماہنامہ


خزینۂ روحانیات

لاہور

Rs.50

جلد نمبر 8 شمارہ نمبر 8

حضرت الحاج ڈاکٹر پیر سید محمد مظاہر اشرف الاشرفی الجیلانی رحمۃ اللہ علیہ





حاضرات کے خاص اعمال

آسیب کو جلانے اور قتل کرنے کا فلیتہ

عاملین اپنے اہل وعیال پر رحم کریں

تعریف وستائش میں کنجوسی نہ کریں

اسمائے شمخیثیہ سریانیہ کی چند صفات اور خصوصیات

میتھی کے اتنے فوائد کہ سونے کے بدلے میں بھی خریدنے سے گریز نہ کیا جائے

توجہ فرمائیں: رہبر نیوز ایجنسی (کراچی) منسوخ کردی گئی ہے۔ لہٰذا ماہنامہ خزینۂ روحانیات کیلئے آئندہ گلستان نیوز ایجنسی (کراچی) 0300-2680248 سے رابطہ فرمائیں

اسلامی، تصوف، روحانی، عملیاتی، طبی، نفسیاتی، معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین

ماہنامہ

خزینۂ روحانیات

لاہور

جلد 8 ربیع الاول/ربیع الثانی ۱۴۳۹ھ ..... دسمبر 2017ء شمارہ 8

سرکولیشن، اشتہارات و شکایات: 0322-4773786

خط و کتابت کا پتہ: پوسٹ بکس نمبر 9119، لاہور۔ 54570

فون: 042-35410586 موبائل: 0343-7772772

بیرون ملک: +92-322-7772772 (WhatsApp، Viber، imo)

مشیر قانونی: چوہدری فیصل منظور (ایڈوکیٹ ہائی کورٹ)

برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والا واحد رسالہ جو ہر سال ''دو خاص نمبر'' شائع کرتا ہے

Web: darulamal.org/magazines/ruhani
Blog: khazinaeruhaniyaat.blogspot.com
Facebook: facebook.com/khazinaeruhaniyat
Facebook: facebook.com/khazina.ruhaniyaat
Twitter: twitter.com/khazinaruhanyat
Email: khazinaeruhaniyaat@gmail.com

قیمت 50 روپے	سالانہ ممبر شپ عام ڈاک 650 روپے
	سالانہ ممبر شپ رجسٹرڈ ڈاک 1000 روپے
	بذریعہ کوریئر 1500 روپے

رقم کی ادائیگی کے طریقے

1 منی آرڈر: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور کے پتہ پر کریں۔ اپنا نام، مکمل پتہ، موبائل نمبر اور رقم بھیجنے کا مقصد واضح لکھیں۔

2 شناختی کارڈ کے ذریعے ادائیگی: JazzCash (موبی لنک)۔ ایزی پیسہ (ٹیلی نار)۔ اومنی (یو بی ایل)۔ کے ذریعہ 35202-2610215-1 پر رقم ارسال کریں اور 0307-5525103 پر کوڈ SMS کریں۔

3 موبائل اکاؤنٹس: درج ذیل موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروا سکتے ہیں۔

ٹیلی نار 03437772772 ...... یو بی ایل اومنی 03437772772

JazzCash 03028401977

4 بینک ڈپازٹ: میزان بینک میں بنام Khazina-e-Ruhaniyaat برانچ کوڈ (0288) اکاؤنٹ نمبر 0102830736 میں جمع کروائیں۔

نوٹ: رقم جمع کرانے یا بھیجنے کے بعد بذریعہ SMS یا کال کر کے لازمی مطلع فرمائیں۔ تمام مالی معاملات میں صرف یہ موبائل نمبر استعمال کریں: 0322-4773786

ادائیگی کی تفصیلات کیلئے: darulamal.org/payment

خالد مقبول صاحب پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر ادارہ دار العمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

فہرست مضامین

دسمبر سن ۲۰۱۷

ربیع الاوّل سن ۱۴۳۸ھ

حمدِ باری تعالیٰ

تیرے نام سے ابتدا ہے خدایا
ازل اور ابد تو نے خود ہے بنایا
میری سوچوں سے ماورا تیری ہستی
میرے علم سے تو بلند ہے خدایا
تیری حمد کیسے بیاں کر سکوں میں
تو ذرے میں پنہاں تو ہر جا سمایا
میری التجا ہے تیری بارگاہ میں
مسلمان کی پھر سے پلٹ دے تو کایا
شاہینوں کے مسکن میں گدھ ہیں حکمراں
تیرے دیں پر پھر عجب وقت آیا
تو قادر ہے مولا کرم ہم پہ کر دے
غم مصطفیٰ ﷺ ہم نے دل میں سمایا

(محمد اسلم شاہ)

جبین آسماں خم اس لئے روئے زمیں پر ہے

جبین آسماں خم اس لئے روئے زمیں پر ہے
شہ لولاک کا گھر بھی یہیں، جنت یہیں پر ہے
کھڑا ہوں گنبد خضرا کے نیچے تھام کر جالی
قدم میرا زمیں پر ہے کہ اب عرش بریں پر ہے
حیات دو جہاں کی نبض ہے سرکار کے ہاتھوں
ثبات دو جہاں موقوف شاہ مرسلیں پر ہے
جو دیکھے آپ کا تلوا نہ دیکھے چاند کا چہرا
جمال و نور کی توقیر سب اس مہ جبیں پر ہے
قیامت تک نبی اب دوسرا آ ہی نہیں سکتا
نبوت کا تسلسل ختم، ختم المرسلیں پر ہے
ارے او منکرِ تعظیم کچھ سوچا بھی ہے تو نے
کہ لعنت کس سبب سے اب بھی ابلیس لعیں پر ہے
میں عاصی ہوں مگر محشر کا غم مجھ کو نہیں کیوں کہ
گنہگاروں کی بخشش رحمت للعالمیں پر ہے

(ڈاکٹر خرم علی پرتاپ گڑھی)

اداریہ

مولانا علی آفاق

محترم قارئین اس مرتبہ پھر ربیع الاول کا مبارک اور پیارا ماہ دسمبر کے سرد مہینے میں آرہا ہے۔ اس مہینے کے ساتھ مسلمانوں کی ایک خصوصی یادوابستہ ہے۔ آپ سرکار دو عالم ﷺ کی ولادت اور اس فانی اور عارضی دنیا سے پردہ فرمانا دونوں ہی اس ماہ میں ہوئے۔ اس مہینے کو ہم سب نے ذکر رسول ﷺ کے ساتھ خاص کرلیا ہے۔ محافل ذکر نبی ﷺ، کانفرنس سیرت کی مختلف اور متنوع تقاریر اور نعتوں کا پڑھنا، سوشل میڈیا پر شیئر کرنا، اس کی منظم اور مربوط تشہیری مہم چلانا وغیرہ سمیت لوگوں اور اہل محبت کے مختلف مضامین رسائل، فیس بک سمیت اخبارات کی زینت بنتے ہیں، یہ سب ہی اچھا عمل اور قدم ہے۔ مگر ناکافی اور حضور ﷺ کی محبت کا حق ادا کرنے کی اور آپ ﷺ کے احسانات اور محبت کو مدنظر رکھتے ہوئے ناکافی تحفہ ہے۔ اب فوری طور پر میرا یا تمام قاری کا خیال اس جانب جاتا ہے کہ پھر آپ ہی بتائیں کیا ہونا چاہئے؟ تو اس کا جواب تو بہت تفصیلی ہے جس پر علماء امت نے لاکھوں سیرت النبی ﷺ پر گراں قدر تصانیف فرمائی ہیں۔ ہر ایک دوسرے سے عمدہ اور خوبصورت اور لاجواب ہے۔ یہ سلسلہ تصاویر، کتب اور تقاریر کا سلسلہ قیامت تک چلتا رہے گا مگر سب ہی آپ سرکار ﷺ کی محبت، عظمت، شان کا حق ادا کرنے سے قاصر رہیں گے۔ کیونکہ خدائے بزرگ و برتر نے حضور پاک ﷺ کو اتنا عظیم، رفیع اور ذی وجاہت پیدا فرمایا ہے کہ جس کو ایک شاعر صحابیؓ نے ان الفاظ میں بیان فرمایا ہے۔ جس کا ترجمہ ہے کہ "آپ کو ایسا پیدا کیا گیا ہے کہ آپ ﷺ عیوب سے پاک ہیں اور جیسا آپ ﷺ نے چاہا اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو پیدا فرمایا ہے۔" آپ ﷺ چاند سے زیادہ خوبصورت تھے۔ آپ ﷺ کی سیرت بھی سورج سے زیادہ روشن اور واضح ہے۔ آپ ﷺ کا کردار ایسا ہے کہ قرآن گواہی دے رہا ہے کہ "آپ ﷺ کی راہنمائی اور نقش قدم پر چلنا کامیابی اور سعادت کی سیڑھی ہے"۔ قرآن پاک نے گواہی دی ہے کہ "آپ ﷺ کا بولنا، کلام کرنا، ارشاد فرمانا سب کچھ اللہ کی طرف سے ہے"۔ اللہ کی اطاعت آپ ﷺ کی اطاعت قرار پائی۔ آپ ﷺ کے اخلاق اعلیٰ اور قابل تقلید، آپ ﷺ کے فضائل اور اوصاف حمیدہ قیامت تک کامیابی دلوانے والے، آپ ﷺ زندگی کے ہر شعبے اور فرد کے لئے راہنما، شادی، غمی، حکمرانی اور غربت، بادشاہت ہو یا ہجرت، امن ہو یا جنگ، فتح مکہ ہو، اولاد کے والد ہوں یا معاشرتی زندگی، ہر حال اور مقام پر آپ ﷺ کی زندگی واحد طریقہ کامیابی اور نجات ہے۔ اگر ہم آپ ﷺ کی محبت دل میں رکھتے ہوئے ہر روز درود شریف کا اہتمام کریں، روزانہ آپ ﷺ کے اخلاق اپنائیں، آپ ﷺ کے کردار کو مقتدا بنا کر زندگی کا معمول بنائیں۔ تجارت، لین دین، گھریلو اور معاشرتی زندگی میں آپ ﷺ کی سیرت کی روشنی میں زندگی کا لائحہ عمل طے کریں تو ان شاء اللہ دنیا امن کا گہوارہ بنے گی اور لوگ دور سے ہی پہچان لیں گے کہ محمدی ﷺ آگئے۔ ہمارا عمل ہماری دعوت ہوگی۔ آیئے عہد کریں کہ ایسا کریں گے۔

مولانا جلال الدین رومی رحمۃ اللہ علیہ

آزاد دائرۃ المعارف، ویکیپیڈیا سے

قونیہ میں مولائے روم کا مزار

ہر سال سترہ دسمبر کو مولانا کا عرس شب عروس کے نام سے قونیہ میں منعقد کیا جاتا ہے

محمد جلال الدین رومی رحمۃ اللہ علیہ کی پیدائش 1207ء میں پیدا ہوئے۔ مشہور فارسی شاعر تھے۔ مثنوی، فیہ ما فیہ اور دیوان شمس تبریز آپ کی معرف کتب ہیں۔ آپؒ دنیا بھر میں اپنی لازاول تصنیف ''مثنوی'' کی بدولت جانے جاتے ہیں۔ آپ کا مزار ترکی میں واقع ہے۔

پیدائش اور نام و نسب

اصل نام محمد ابن محمد ابن حسین حسینی خطیبی بکری بلخی تھا۔ اور آپؒ جلال الدین، خداوندگار اور مولانا خداوندگار کے القاب سے نوازے گئے۔ لیکن مولانا رومی کے نام سے مشہور ہوئے۔ جواہر مضیہ میں سلسلہ نسب اس طرح بیان کیا ہے: محمد بن محمد بن حسین بن احمد بن قاسم بن مسیب بن عبداللہ بن عبدالرحمن بن ابی بکرن الصدیق۔ اس روایت سے حسین بلخی مولانا کے پردادا ہوتے ہیں لیکن سپہ سالار نے انہیں دادا لکھا ہے اور یہی روایت صحیح ہے۔ کیونکہ وہ سلجوقی سلطان کے کہنے پر اناطولیہ چلے گئے تھے جو اس زمانے میں روم کہلاتا تھا۔ ان کے والد بہاؤ الدینؒ بڑے صاحب علم وفضل بزرگ تھے۔ ان کا وطن بلخ تھا اور یہیں مولانا رومی 1207ء بمطابق 6 ربیع الاول 604ھ میں پیدا ہوئے۔

ابتدائی تعلیم

ابتدائی تعلیم کے مراحل شیخ بہاؤ الدینؒ نے طے کرا دیے اور پھر اپنے مرید سید برہان الدین کو، جو اپنے زمانے کے فاضل علماء میں شمار کیے جاتے تھے، مولانا کا معلم اور اتالیق بنا دیا۔ اکثر علوم مولانا کو انہی سے حاصل ہوئے۔ اپنے والد کی حیات تک ان ہی کی خدمت میں رہے۔ والد کے انتقال کے بعد 639ھ میں شام کا قصد کیا۔ ابتدا میں حلب کے مدرسہ حلاویہ میں رہ کر مولانا کمال الدینؒ سے شرف تلمذ حاصل کیا۔

علم و فضل

مولانا رومیؒ اپنے دور کے اکابر علماء میں سے تھے۔ فقہ اور مذاہب کے بہت بڑے عالم تھے۔ لیکن آپؒ کی شہرت بطور ایک صوفی شاعر کے ہوئی۔ دیگر علوم میں بھی آپؒ کو پوری دستگاہ حاصل تھی۔ دوران طالب علمی میں ہی پیچیدہ مسائل میں علمائے وقت، مولاناؒ کی طرف رجوع کرتے تھے۔ شمس تبریزؒ مولاناؒ کے پیرو مرشد تھے۔ مولاناؒ کی شہرت سن کر سلجوقی سلطان نے انھیں اپنے پاس بلوایا۔ مولاناؒ نے درخواست قبول کی اور قونیہ چلے گئے۔ وہ تقریباً 30 سال تک تعلیم و تربیت میں مشغول رہے۔ جلال الدین رومیؒ نے 3500 غزلیں 2000 رباعیات اور رزمیہ نظمیں لکھیں۔

اولاد

مولانا کے دو فرزند تھے۔ علاؤ الدین محمد، سلطان ولد۔ علاؤ الدین محمد کا نام صرف اس کارنامے سے زندہ ہے کہ انہوں نے شمس تبریزؒ کو شہید کیا تھا۔ سلطان ولد جو فرزند اکبر تھے، خلف الرشید تھے، گو مولانا کی شہرت کے آگے ان کا نام روشن نہ ہو سکا لیکن علوم ظاہری و باطنی میں وہ یگانہ روزگار تھے۔ ان کی تصانیف میں سے خاص قابل ذکر ایک مثنوی ہے، جس میں مولاناؒ کے حالات اور واردات لکھے ہیں اور اس لحاظ سے وہ گویا مولاناؒ کی مختصر سوانح عمری ہے۔

سلسلہ باطنی

مولاناؒ کا سلسلہ اب تک قائم ہے۔ ابن بطوطہ نے اپنے سفرنامے میں لکھا ہے کہ ان کے فرقے کے لوگ جلالیہ کہلاتے ہیں۔ چونکہ مولاناؒ کا لقب جلال الدین تھا، اس لیے ان کے انتساب کی وجہ سے یہ نام مشہور ہوا ہوگا۔

لیکن آج کل ایشیائے کوچک، شام، مصر اور قسطنطنیہ میں اس فرقے کو لوگ مولویہ کہتے ہیں۔ دوسری جنگ عظیم سے قبل بلقان، افریقہ اور ایشیا میں مولوی طریقت کے پیروکاروں کی تعداد ایک لاکھ سے زائد تھی۔ یہ لوگ نمد کی ٹوپی پہنتے ہیں جس میں جوڑ یا درز نہیں ہوتی، مشائخ اس ٹوپی پر عمامہ باندھتے ہیں۔ خرقہ یا کرتا کی بجائے ایک چنٹ دار پاجامہ ہوتا ہے۔ ذکر و شغل کا یہ طریقہ ہے کہ حلقہ باندھ کر بیٹھتے ہیں۔ ایک شخص کھڑا ہو کر ایک ہاتھ سینے پر اور ایک ہاتھ پھیلائے ہوئے رقص شروع کرتا ہے۔ رقص میں آگے پیچھے بڑھنا یا ہٹنا نہیں ہوتا بلکہ ایک جگہ جم کر متصل چکر لگاتے ہیں۔ سماع کے وقت دف اور نے بھی بجاتے ہیں۔

وفات

بقیہ زندگی وہیں گزار کر تقریباً 66 سال کی عمر میں سن 1273ء بمطابق 672ھ میں انتقال کر گئے۔ قونیہ میں ان کا مزار آج بھی عقیدت مندوں کا مرکز ہے۔

مثنوی رومی

ان کی سب سے مشہور تصنیف ''مثنوی مولانا روم'' ہے۔ اس کے علاوہ ان کی ایک مشہور کتاب ''فیہ مافیہ'' بھی ہے۔

باقی ایں گفتہ آید بے زباں

در دل ہر کس کہ دارد نورِ جان

ترجمہ: ''جس شخص کی جان میں نور ہوگا، اس مثنوی کا بقیہ حصہ اس کے دل میں خود بخود اتر جائے گا''

اقبال اور رومی

علامہ محمد اقبالؒ، مولانا رومیؒ کو اپنا روحانی پیر مانتے تھے۔ کشف اور وجدان کے ذریعے ادراک حقیقت کے بعد صوفی صحیح معنوں میں عاشق ہو جاتا ہے کہ بہ رغبت تمام محبوب حقیقی کے تمام احکام کی پیروی کرتا ہے۔ رومی نے جوہر عشق کی تعریف اور اس کی ماہیت کی طرف معنی خیز اشارے کیے ہیں۔ صوفی کی ذہنی تکمیل کا مقام کیا ہے؟ اس کے متعلق دو شعر نہایت دل نشیں ہیں:

؎ آدمی دید است باقی پوست است

دید آں باشد کہ دید دوست است

؎ جملہ تن را در گداز اندر بصر

در نظر رو در نظر رو در نظر

علامہ اقبال نے اس کی یوں تشریح کی ہے:

خرد کے پاس خبر کے سوا کچھ اور نہیں

ترا علاج نظر کے سوا کچھ اور نہیں

بقیہ: عرس مبارک سید محمد مظاہر اشرف الاشرفی الجیلانیؒ

آپ کا وصال باکمال

حضرت سلطان المشائخ محبوب غوث العالم پیر طریقت رہبر شریعت بدر اشرفیت ڈاکٹر سید محمد مظاہر اشرف الاشرفی الجیلانی رحمۃ اللہ علیہ نے تقریباً 80 برس اس جہان فانی میں گزار کر 15 ربیع الاول 1436ھ 17 جنوری 2014ء بروز جمعۃ المبارک وصال فرمایا۔ اور بروز پیر آپ کی نماز جنازہ کی سعادت سینکڑوں علماء کرام اور عوام و خواص کے عظیم اجتماع میں حضرت کے خلیفہ مجاز حضرت علامہ مولانا محمد منشاء تابش قصوری اشرفی سیالوی صاحب کو حاصل ہوئی۔

آپ کی تعمیر فرمودہ خانقاہ اشرفیہ جیلانیہ (رائے ونڈ روڈ لاہور) کی عظیم الشان تاریخی مسجد اشرف المساجد کے اولین دائیں گوشے میں مزار اقدس مرجع خلائق ہے۔ اللہ تعالیٰ جل و علیٰ آپ کے روحانی فیضان کو ہمیشہ جاری و ساری رکھے اور حضرت صاحبزادہ الحاج پیر سید محی الدین محمد اشرف الاشرفی الجیلانی دامت برکاتہم عالیہ امیر حلقہ اشرفیہ پاکستان (رجسٹرڈ) کو حضرت کے مبارک مشن کی تکمیل کیلئے آسانیاں پیدا فرمائے۔ آمین

عرس مبارک بدرِ اشرفیت

سلطان المشائخ محبوب غوث العالم پیر طریقت رہبر شریعت بدرِ اشرفیت الحاج الشاہ ڈاکٹر سید محمد مظاہر اشرف الاشرفی الجیلانی علیہ الرحمہ کا پہلا سالانہ عرس مبارک 14/15 ربیع الاول ۱۴۳۶ھ 6/7 جنوری 2015ء درگاہ عالیہ اشرفیہ جیلانیہ رائیونڈ روڈ لاہور میں زیر صدارت صاحبزادہ والاشان پیر طریقت رہبر شریعت سید محی الدین محمد اشرف الاشرفی الجیلانی دامت برکاتہم عالیہ نے فرمائی۔ جس میں ملک بھر سے کثیر تعداد میں علماء اکرام و مشائخ عظام کے علاوہ آپ حضرت کے مریدین و عقیدت مندوں نے بھرپور شرکت فرما کر آپ کے فیضان کی برکتوں سے مالا مال ہونے کی سعادت حاصل کی۔ اللہ تبارک و تعالیٰ اس طرح آپ کے مزارِ پُرانوار پر اپنی کروڑہا رحمتوں کا نزول فرمائے۔ آمین۔

عرس مبارک بدر اشرفیت سلطان المشائخ محبوب غوث العالم پیر طریقت رہبر شریعت

ڈاکٹر سید محمد مظاہر اشرف الاشرفی الجیلانی رحمۃ اللہ علیہ

مرتب
محمد عمر اشرفی سمنانی

آپ کا نام : محمد مظاہر

کنیت : ابو اوحد الدین

لقب : بدرِ اشرفیت

تخلص : اشرف

سادات کچھوچھہ شریف، براعظم ایشیاء میں اپنی علمی، تبلیغی، اسلامی اور روحانی خدمات کے باعث خصوصی شہرت کے حامل ہیں، اس خاندان عظمت نشان میں بڑی بڑی نامور روحانی شخصیات جلوہ افروز ہوئیں۔ حضرت سید اشرف جہانگیر سمنانی علیہ الرحمۃ ریاست سمنان کے حکمران تھے، کسی خصوصی اشارہ سے سلطنت کو خیر باد کہتے ہوئے دولت فقر کو محبوب سمجھا اور اپنی والدہ ماجدہ رحمہا اللہ تعالیٰ سے اجازت لے کر منزل بہ منزل سیاحت کرتے ہوئے ہندوستان تشریف لائے، بنگال کو بھی اپنے قدوم میمنت لزوم سے شرف بخشا۔

ولادت باسعادت

نفوس قدسیہ کا یہ گروہ نہ صرف منفرد درویشی میں ہی مشغول رہا بلکہ حکمرانوں کی اصلاح ونظام سلطنت کی درستگی بھی ان کے مشاغل میں شامل رہی ہے۔ امت مسلمہ پر جب کبھی بھی مشکل وقت آیا کچھوچھوی اشرفی بزرگوں نے کاروانِ حریت کی راہنمائی فرمائی۔ اس عظیم خانوادہ کے ایک مرد قلندر، قطب زمانہ، حضرت سید محمد مظاہر اشرف الجیلانی رحمۃ اللہ علیہ کے گلشن اشرف میں 19 جنوری 1938ء بمطابق 16 ذیقعد 1356ھ کو براعظم ایشیاء کے مشہور معروف شہر دہلی جو کبھی مدینۃ الاولیاء مدینہ العلوم کے نام سے شہرہ آفاق تھا۔ ایک ایسا پھول کھلا جس کی مہک نے چار دانگ عالم کو معطر کر دیا۔

قطب ربانی علیہ الرحمہ کے آنگن میں آنکھ کھولنے والا بچہ بعد میں تاریخ کے صفحات پر ڈاکٹر سید محمد مظاہر اشرف الاشرفی الجیلانی رحمۃ اللہ علیہ کے نام سے نیئر تاباں بن کر چمکا۔ روایات کے مطابق آپ کی ولادت باسعادت سے کچھ عرصہ قبل شبیہ غوث الاعظم محبوب ربانی شیخ المشائخ اعلیٰ حضرت پیر سید علی حسین اشرفی الجیلانی کچھوچھوی رحمۃ اللہ علیہ آپ کے والد محترم قطب ربانی سید طاہر محمد اشرف الجیلانی کو آپ کی پیدائش کی بشارت سے نوازتے ہوئے سید محمد مجاہد اشرف یا مظاہر اشرف سے موسوم فرمایا تھا اور مظہر بدرِ اشرفیت کے لقب سے ممتاز فرماتے ہوئے آپ کی جلالت اور عظمت اور کمال رفعت کے اشارے بھی دیئے۔ یہ بھی فرمایا کہ تین چار سال بعد آنے والا شہزادہ اپنے خاندان اعلیٰ مقام کیلئے باعث صد افتخار ہوگا۔

ابتدائی تعلیم وتربیت وہجرت

ڈاکٹر سید محمد مظاہر اشرف الاشرفی الجیلانی رحمۃ اللہ علیہ نے ابتدائی تعلیم گھر پر ہی حاصل کی۔ پھر مدرسہ حسین بخش نزد جامع مسجد دہلی میں حضرت حافظ بھورے صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے قرآن کریم ناظرہ پڑھا جبکہ درس نظامی کی کتابیں اپنے ماموں حضرت علامہ محمد نسیم احمد سے شروع کیں۔ جو کہ اپنے وقت کے جید علماء میں اعلیٰ مقام پر فائز تھے۔ 1947ء میں تحریک پاکستان کی سرگرمیوں کی وجہ سے تعلیمی تسلسل برقرار نہ رہ سکا۔ قیام پاکستان کے بعد دوسرے مسلمانوں کی سنت نبوی ﷺ کی پیروی کرتے ہوئے ڈاکٹر صاحب کے خاندان نے بھی بہت سی قیمتی جانیں وطن کی آزادی پر نچھاور کر دیں، بعد میں آپ کے والد محترم حضرت سید طاہر اشرف الجیلانی رحمۃ اللہ علیہ بھی دہلی سے ہجرت فرما کر لاہور تشریف لائے لیکن جلدی لاہور سے کراچی منتقل ہو گئے اور پھر مجاہد ملت علامہ الحامد بدایونی رحمۃ اللہ علیہ کے تعاون سے فردوس کالونی کراچی میں ایک قطعہ اراضی خرید کر مکان تعمیر کیا اور اسے مستقل مسکن قرار دیا۔ آپ نے علوم عربیہ کی تکمیل تاج العلماء حضرت مفتی محمد عمر نعیمی اشرفی رحمۃ اللہ علیہ کی درسگاہ جامعہ مخزن عربیہ بحر العلوم کراچی سے کی۔ جبکہ سلوک وتصوف کے اسرار ورموز اپنے والد ماجد علیہ رحمہ سے سیکھے۔ حضرت مفتی محمد عمر نعیمی اشرفی بہت پائے کے عالم دین تھے اور مدرس تھے۔ جنہوں نے خاندان اشرفیہ کے اکابر علماء کو علوم منتقل کئے تھے اور خود حضرت مولانا نعیم الدین اشرفی مراد آبادی رحمۃ اللہ علیہ کے تلمذ ارشد میں سے تھے۔ حضرت مفتی صاحب نے اس نوعمر شہزادے کو ہاتھوں ہاتھ

لیا اور پوری توجہ سے علوم درسی کو اس شہزادے کے سینے میں منتقل کرنا شروع کیا۔ ماشاء اللہ ذہن بلا کا پایا تھا۔ جلد ہی مفتی صاحب کی نگاہ کے مرکز بن گئے۔ اس طرح آپ نے 14 سال کی عمر شریف میں تحصیل علم دین سے فراغت پائی۔ ڈاکٹر سید محمد مظاہر اشرف الاشرفی الجیلانی رحمۃ اللہ علیہ کی والدہ ماجدہ جو اپنے وقت کی رابعہ تھیں اور دور اندیشی و معاملہ فہمی میں مشہور تھیں۔ انہوں نے اپنے فرزند کو فرمایا۔ بیٹا میں دیکھ رہی ہوں کہ آئندہ آنے والے وقت میں بغیر انگریزی جانے گزارہ نہ ہوگا اور علماء دین صرف مساجد کے امام یا محافل کے مقرر ہو کر رہ جائیں گے۔ الحمد اللہ! اللہ تبارک وتعالیٰ نے تم کو علوم دینی کے زیور سے آراستہ کر دیا۔ اب دنیاوی علوم بھی حاصل کرو۔ حضرت ڈاکٹر صاحب نے دنیاوی علوم پر توجہ دی اور گھر پر تیاری کر کے براہ راست چھٹی (انگلش میڈیم) کلاس میں ٹیسٹ دے کر داخلہ لیا اور 18 سال کی عمر میں سندھ بورڈ سے ہائیر سیکنڈری امتحان پاس کیا۔ پھر پہلے والدہ ماجدہ کی خواہش کے مطابق جناح سائنس کالج، اس کے بعد ڈی جے سائنس کالج داخل ہوئے، ڈی جے سائنس کالج سے ISc کا امتحان اعلیٰ نمبروں سے پاس کیا۔ پھر ڈاکٹری کی تعلیم کیلئے ڈاؤ میڈیکل اج میں داخل ہوئے، جہاں ایک سال تعلیم حاصل کی۔ وہاں حضرت کو کولمبو پلان کے تحت اسکالر شپ مل گئی اور آپ 1959ء میں ڈاکٹری کی تعلیم کی تکمیل کیلئے لندن روانہ ہو گئے۔ آپ نے یونیورسٹی آف لندن سے MBA کیا اور ایگزامنگ بورڈ آف انگلینڈ سے MRES کی ڈگری حاصل کی۔ ڈاکٹر صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے دوران قیام دیار فرنگ میں نہ کبھی نماز ترک فرمائی، نہ روزہ اور نہ داڑھی شریف کا شیو کیا۔ بلکہ اکثر چھٹیوں کے دوران یا تو آپ مغرب کی سیر کو نکل جاتے یا چلے وظیفے پڑھتے۔ ہر وقت باوضو رہے۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ آپ نے اپنے والد کی خواہش پر علم دین حاصل کیا۔ اور والدہ کی خواہش پر میڈیکل کی تعلیم حاصل کی۔

بیعت وخلافت

سلطان المشائخ محبوب العالم ڈاکٹر سید محمد مظاہر اشرف الاشرفی الجیلانی رحمۃ اللہ علیہ کے والد ماجد ان سے بے پناہ محبت کرتے تھے اور بچپن ہی سے ان کو رموز معرفت سے آگاہ فرماتے رہتے تھے۔ کیونکہ آپ کے والد ماجد قطب ربانی حضرت شاہ سید طاہر اشرف الجیلانی علیہ رحمہ بہت بڑے عالم دین، مقرر اور باکرامت بزرگ تھے۔ ڈاکٹر صاحبؒ نے اگرچہ تصوف وروحانیت کے اسرار ورموز اپنے والد محترم کی صحبت میں بیٹھ کر سیکھے لیکن بیعت کیلئے آپ کو کچھوچھہ مقدسہ جانا پڑا۔ کیونکہ آپ نے اپنے والد ماجد سے بیعت ہونا چاہا تو حضرت قطب ربانی نے 3 روز بعد فرمایا کہ تمہارا حصہ میرے پاس نہیں بلکہ تم حضرت مخدوم سمنانؒ کے سلسلہ میں کسی کچھوچھوی بزرگ سے حصہ پاؤ گے۔ اس لیے حضرت سید محمد مظاہر اشرف الاشرفی الجیلانی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت سید محی الدین اشرف عرف اچھے میاں کچھوچھوی سے بیعت کی۔ اور پہلی خلافت بھی اپنے پیرومرشد سے حاصل کی۔ اس کے بعد سرکار کلاں سید مختار اشرفؒ اور پھر حضرت شاہ سید مصطفیٰ اشرف خلف ثانی اعلیٰ حضرت اشرفی میاں سے 14 سلاسل کی اجازت وخلافت حاصل کی۔

رفاہی کاموں کی سرپرستی

سلطان المشائخ محبوب غوث العالم بدر اشرفیت پیر ڈاکٹر سید مظاہر اشرف الاشرفی الجیلانی علیہ الرحمہ رفاہی کاموں میں بڑھ چڑھ کر نفسِ نفیس خود حصہ لیتے تھے۔ آپ بھی اپنے اسلاف کی پیروی فرماتے ہوئے رب کائنات کی مخلوق کیلئے آسانیاں پیدا فرماتے اور ان کی معمولات زندگی کیلئے ہر طرح کی خدمت میں کوشاں رہتے۔ آپ نے اندرون بیرون ممالک میں بہت سی مساجد کو تعمیر کروایا اور مسلمان بچوں کی تعلیم وتربیت کیلئے مدارس کا اہتمام کروایا۔ آپ نے لاہور رائیونڈ روڈ پر واقع اشرفی ٹاؤن میں ایک خوبصورت اور نہایت سادی طرز کی مسجد تعمیر فرمائی۔ پھر آپ نے کراچی میں سمنان ٹاؤن میں واقع جامع مسجد اشرف جہانگیر تعمیر کروائی جو تقریباً 2 کنال رقبہ پر پھیلی ہوئی ہے۔ اس کے علاوہ آپ نے لاہور ہی میں خانقاہ عالیہ اشرفیہ جیلانیہ سے متصل مرکزی جامع مسجد اشرف المساجد کی تعمیر شروع کروائی۔ جو اپنے معیار میں واحد مسجد ہے جس کا نقشہ جامع مسجد دھلی (لال مسجد) کے مطابق تیار کیا گیا ہے اور اس مسجد کا رقبہ تقریباً ساڑھے پانچ کنال سے زائد ہے۔ اس کے علاوہ آپ نے کراچی میں فردوس کالونی میں جامعہ طاہریہ اشرفیہ کی بنیاد رکھی اور جہاں آج بھی سینکڑوں طالب علم دینی علوم سے بہرور ہو رہے ہیں۔ آپ مختلف دینی مدارس کی بھی مالی معاونت فرماتے۔ اور بڑے مدارس کے طلباء حضرات کی تقسیم فضیلت دستار کی مجالس کی صدارت فرما کر بچوں کی حوصلہ افزائی فرماتے۔ اس طرح آپ نے کراچی میں سمنان ٹاؤن میں ایک ایکڑ رقبہ پر واقع خانقاہ عالیہ مخدوم اشرف جہانگیر سمنانی کے نام تیار کروائی۔ آپ خصوصی طور پر اپنے مریدین میں سے جو مالی طور پر کمزور ہوتے اُن کی بھرپور امداد خاموشی سے فرما دیتے تھے۔

(بقیہ ص 7 پر)

(1) 1000 دعائیں (نئی کتاب) رعائتی قیمت: 300 روپے

مسنون دعاؤں کے ذریعہ غم، دکھ، درد، قرض و مرض سے شفاء اور پریشانیوں سے نجات دلانے والی کتاب مولف: مولانا ارسلان بن اختر

☆ دعا احادیث کی روشنی میں ☆ قبولیت دعا کے مقامات ☆ وہ لوگ جن کی دعا زیادہ قبول ہوتی ہے ☆ اسم اعظم کی حقیقت، اہمیت اور فضائل ☆ شیاطین سے حفاظت کی مسنون دعائیں اور وظائف ☆ جادو کا علاج ☆ نظر بد سے حفاظت کا مسنون علاج

(2) 100 سال تک صحت مند رہیئے (نئی کتاب)

دنیا کے صحت مند ترین اور لمبی عمر پانے والے لوگوں کے سائنسی تجربات سے ثابت شدہ راز

مترجم: ایاز حسین انصاری عام قیمت: 600 روپے

☆ دنیا کے صحت مند ترین اور لمبی عمر پانے والے لوگ ☆ ہماری خوراک ہماری زندگی ☆ جسم اور دماغ کا آپس میں تعلق ☆ پُراعتماد اور صاف سوچ ☆ سدا جوان رہنے کا چشمہ ☆ خوبصورتی کو ہر طرف تلاش کرنا ☆ جب آپ چیزوں سے پیار کرتے ہیں تو وہ خوبصورت ہو جاتی ہیں ☆ دکھوں کے ساتھ زندگی گزارنا ☆ دکھ اور شفاء ☆ ہمسایوں سے اسی طرح پیار کرو جس قدر خود سے پیار کرتے ہو ☆ شفاء ہمارے دلوں کو خوش کرتی ہے

(3) اکابر کی مجرب دعائیں (نئی کتاب)

صحابہ کرام، تابعین کرام اور اکابرین اسلام کے دُکھ کے واقعات اور ان کی وہ خاص دعائیں جو ان کی حل مشکلات کیلئے مقبول ہوئیں۔ نادر و نایاب قدیم کتب سے ماخوذ مستند دعاؤں کا مخفی ذخیرہ۔

تالیف: مولانا امداد اللہ انور عام قیمت: 130 روپے

☆ مشکل دور ہونے کا انتظار عبادت ہے ☆ تقویٰ مصائب کا علاج ہے ☆ لاحول ولا قوۃ کا اثر ☆ مصیبت اور شکر کے وقت حضرت داؤد علیہ السلام کی دعا ☆ مومن کی آہ وزاری اللہ کو پسند ہے ☆ غم دور کرنے کے کلمات ☆ اس دعا کی حضور ﷺ سے اجازت ہے ☆ غیبی دعا

(4) شفاء و رحمت (حصہ اول) (نئی کتاب)

شرح گردش دوراں: صاحبزادہ عزیز الرحمن رحمانی عام قیمت: 400 روپے

☆ تعویذات و وظائف کی شرعی اہمیت و حیثیت ☆ بلا قیمت دوا ملتی ہے، آئے جس کا جی چاہے ☆ مرض کی شناخت کیلئے ☆ دشمن کی مغلوبیت کیلئے ☆ ہر مشکل اور حاجت کیلئے ☆ دعاء برائے حاجات ☆ دعاء برائے تمام رنج و غم و ناگہانی امراض وغیرہ ☆ دشمنوں سے کفایت کیلئے عجیب عمل ☆ دعاء جامع باسم اللہ الاعظم ☆ عمل برائے قضائے حاجات ☆ جلب خیر و دفع شر کیلئے ☆ فقر و فاقہ کے دفع کرنے کیلئے ☆ فاصلے سمٹ جائیں ☆ برائے حاجت روائی ☆ قدر و منزلت کی بلندی ☆ نفسیاتی امراض سے نجات کیلئے ☆ چھپے ہوئے دشمن کیلئے ایک عمل ☆ برائے غناء و تونگری ☆ امتحان میں کامیابی کیلئے

(5) السحر الاحمر (نیا ایڈیشن) دعوات، تسخیر، استحضار، فوائد مجربہ

مصنف: خالد راٹھور قیمت: 350 روپے پیپر: اعلیٰ

دعا امام غزالی ☆ محبت، تسبیح اور وقف کے بارے میں ☆ مکان سے جادو کے دور کرنے اور لوگوں کے درمیان اسے حاضر کرنے کے بارے میں ☆ کسی جگہ، شہر سے آپ جسے چاہتے ہیں اس کی کشش کیلئے ☆ لوگوں کی آنکھوں سے مخفی ہونے کا عمل ☆ عورت کی شادی کی رکاوٹ کیلئے ☆ حکام کی زبان کی بندش کیلئے ☆ دائمی محبت کیلئے ☆ مشکل حاجتوں کے پورے ہونے کیلئے ☆ محبت کیلئے بھڑکانے اور ملانے کیلئے ☆ انڈے کے جلانے کیلئے

(6) خاص نمبر (نیا ایڈیشن)

سحر و جادو، حسد و تسخیر، بغض و عداوت و بربادی، صحت و شفا

مصنف: خالد راٹھور قیمت: 350 روپے پیپر: اعلیٰ

☆ آسیب زدہ اور مرگی والوں کیلئے ☆ خلل آسیب ☆ دعا حفاظت و وباء ☆ عملیات دفع آسیب کے واسطے ☆ دیوی چڑیل ڈائن کو دور کرنے کا فلیتہ ☆ تمام بلیات سے محفوظ رہنے کیلئے ☆ دفن جن و شیطان کیلئے ☆ برائے دھونی آسیب زدہ ☆ فلیتہ آسیب کو حاضر کرنے کا ☆ ایک مجرب عمل محبت ☆ مطیع دشمن ☆ محبت کی بجلی ☆ دشمن کو برباد کرنے کا مجرب عمل ☆ ہتھیار کے اثر نہ کرنے واسطے ☆ فوج دشمن کو شکست دینے کیلئے

(7) اونچی اڑان (نئی کتاب)

مصنف: قاسم علی شاہ عام قیمت: 500 روپے پیپر: اعلیٰ

منفی سوچ کیسے ختم کی جائے ☆ دل دریا ☆ مایوسی کیسے ختم کی جائے ☆ قوموں کی ترقی کا راز ☆ زندگی کے سات درخت ☆ حضرتِ انسان ☆ بے لوث خدمت ☆ تحریر سے مفہوم تک ☆ کامیاب کاروبار کے چند بنیادی نکات ☆ کمال کا استاد ☆ خدا شناسی ☆ شاباشی ☆ سوچئے اور امیر ہو جایئے ☆ تعلیم اور آگہی ☆ استاد کا احترام ☆ خوشی کیسے ☆ اہل تصوف کی تعلیمات ☆ کرپشن کا خاتمہ کیسے ہو ☆ تبدیلی وغیرہ

مزید نئی مقبول، لاجواب کتب

(8) بیاض الاولیاء تحریر و ترتیب: شبیر حسن چشتی رعائتی قیمت: 105 روپے

(9) دم جھاڑ کی شرعی حیثیت مولف: ڈاکٹر علی رعائتی قیمت: 60 روپے

(10) دکھوں کا علاج مولف: الشیخ عظیم حاصل پوری رعائتی قیمت: 30 روپے

(11) مسنون وظائف حضور ﷺ کی دعاؤں کا خوبصورت مجموعہ

مولف: حضرت مولانا مفتی محمود حافظ جی رعائتی قیمت: 210 روپے

(12) علم نجوم کا انسائیکلوپیڈیا مصنف: جین ڈکسن عام قیمت: 200 روپے

(13) آئینہ اسرار الوقتی زائچہ مصنف: محمد زاہد محمود اعوان عام قیمت: 225 روپے

(14) علم الاعداد کا انسائیکلوپیڈیا مصنف: محمد زاہد محمود اعوان عام قیمت: 225 روپے

(15) آئینہ اسرار عملیات و تعویذات مولف: محمد زاہد محمود اعوان رعائتی قیمت: 225 روپے

مخفی خزانہ

صوفی غلام سرور شباب صاحب مدظلہ (چوہنگ لاہور)

علم الیقین، عین الیقین، اور حق الیقین سے کیا مراد ہے؟

جب کچھ نہ تھا تو اللہ تھا۔ اللہ نے چاہا کہ میں پہچانا جاؤں!۔ پہچانے جانے کے لیے ضروری ہے کہ کوئی ہستی سامنے موجود ہو۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے کائنات کو وجود میں لانے کے لیے یقین کا اظہار (کن) کہہ کر کیا۔ کائنات کا پورا پروگرام اللہ تعالیٰ کی مرضی اور منشاء کے مطابق جاری وساری ہوگیا۔ کائناتی پروگرام کی جزئیات پر اگر غیر جانبدارانہ انداز میں غور کیا جائے تو ایک ہی بات حقیقت بن کر سامنے آتی ہے کہ یہ پروگرام صرف نظر (نگاہ) کے اوپر قائم ہے۔ نظر یا نگاہ میں مختلف زاویے ہیں۔ نظر کے ان زاویوں کو تصوف میں تین اصطلاحوں سے بیان کیا گیا ہے۔

1 علم الیقین 2 عین الیقین 3 حق الیقین

علم الیقین کی تعریف یہ ہے کہ ایک شخص آئینہ میں اپنا عکس دیکھ رہا ہے۔ اس کے ذہن میں صرف یہ ہے کہ میں اپنے جیسا ایک انسان سامنے دیکھ رہا ہوں۔ اس کے علاوہ نہ اسے آئینہ کی صفت کا پتہ ہے نہ ہی اس عکس کی صفت کو جانتا ہے۔ اس یقین کو کہ مجھ جیسا انسان سامنے کھڑا ہے، تصوف میں علم الیقین کہا جاتا ہے۔

یقین کی دوسری صورت یہ ہے کہ کوئی شخص آئینہ دیکھ رہا ہے۔ اس کو یہ علم ہے کہ میں آئینہ کے اندر اپنا عکس دیکھ رہا ہوں۔ وہ خود بھی دیکھتا ہے لیکن وہ اپنی حقیقت سے واقف نہیں اور نہ ہی آئینہ کی حقیقت سے واقف ہے۔ اس حالت کو عین الیقین کہتے ہیں۔

یقین کی تیسری صورت یہ ہے کہ دیکھنے والا یہ جانتا ہے کہ دیکھنے کی دو طرزیں ہیں۔ براہِ راست دیکھنا اور بالواسطہ دیکھنا۔ وہ یہ بھی جانتا ہے کہ آئینہ میں جو عکس دیکھ رہا ہے، دراصل وہ آئینہ کے دیکھنے کو دیکھ رہا ہے۔ یعنی آئینہ نے اس شخص کے عکس کو اپنے اندر جذب کیا اور آدمی نے آئینہ کے دیکھنے کو دیکھا، اگر آئینہ سے دریافت کیا جائے کہ تو کیا دیکھ رہا ہے تو آئینہ کہے گا کہ میں آدمی کے دیکھنے کو دیکھ رہا ہوں۔ پیراسائیکالوجی کا علم بتاتا ہے کہ ہر چیز اپنے اندر دوسری چیز کے عکس کو جذب کر رہی ہے اور جذب کر کے دوسرے کو دکھا رہی ہے۔ کائنات کے جتنے بھی افراد ہیں، جب براہِ راست طرزِ فکر میں دیکھتے ہیں تو یہ سمجھتے ہیں کہ ہر چیز خود کچھ نہیں دیکھ رہی بلکہ کسی کے دیکھنے کو دیکھ رہی ہے اور پھر یہ صورتِ حال جب علمی اعتبار سے منکشف ہوجاتی ہے اور دیکھنے والا اپنی، آئینہ کی اور عکس کی حقیقت کو جان لیتا ہے تو تصوف میں اسے حق الیقین کہا جاتا ہے۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے کہ ”کُنتُ کَنزاً مَخفِیاً فَاَحبَبتُ اَن اُعرَفَ فَخَلَقتُ الخَلقَ“۔

ترجمہ: ”میں ایک چھپا ہوا خزانہ تھا میں نے چاہا کہ پہچانا جاؤں پس میں نے مخلوق کو تخلیق فرمایا“۔

جب اللہ تبارک تعالیٰ نے بائیں طرف جلالی نظر سے دیکھا تو اس سے آگ پیدا ہوئی اور دائیں طرف لطف وکرم سے دیکھا تو نورِ محمدی ﷺ پیدا ہوا اور پھر اللہ تبارک تعالیٰ نے کن فرمایا تو تمام مخلوقات کی ارواح موجود ہوئیں اور قطار در قطار حفظ مراتب حضورِ الٰہی میں کھڑی ہوگئیں اور حکم کی منتظر تھیں کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

اَلَستُ بِرَبِّکُم۔

ترجمہ: کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں۔

تو سب ارواح نے کہا۔

(بلیٰ)۔

بیشک تو ہمارا رب ہے۔

اس وقت یہ آواز اتنی خوبصورت اور سریلی تھی کہ کچھ ارواح مست و بے خود ہوگئیں اور جب ہوش آیا تو سجدہ کیا۔

بابا فرید الدین گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ سماع سننے والوں پر بے ہوشی اس لیے طاری ہوجاتی ہے کہ جس وقت ندا آئی۔

اَلَستُ بِرَبِّکُم۔

تو یہ لوگ بے ہوش ہو گئے تھے اور یہ بے ہوشی ان کے خمیر میں ڈال دی گئی ہے۔ اس لیے آج جب بھی ان کے کان میں کوئی اچھی آواز آتی ہے تو یہ لوگ بے خود ہو جاتے ہیں۔

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس وقت ارواح کے چار گروہ ہو گئے تھے۔

☆ پہلے گروہ نے دِل وجان سے (بَلٰی) کہا اور سجدے میں گر پڑا یہ انبیاء صدیقین، اولیاء اور صالحین کا گروہ تھا۔

☆ دوسرے گروہ نے دِل وجان سے تسلیم کیا لیکن زبان سے (بَلٰی) نہ کہہ سکا، البتہ سجدے میں وہ بھی گر پڑا یہ وہ لوگ جو غیر مسلموں کے گھر پیدا ہوئے لیکن ان کا خاتمہ اسلام کی حالت میں ہوگا۔

☆ تیسرے گروہ نے (بَلٰی) کہا اور سجدے میں بھی گر پڑا مگر بعد میں اپنی سجدہ ریزی پر افسوس کا اظہار کیا یہ وہ لوگ ہیں جو پیدا تو مسلمانوں کے گھر ہوئے لیکن کفر کی حالت میں مرے۔

☆ چوتھے گروہ نے نہ دِل سے اقرار کیا نہ زبان سے اور نہ سجدہ کیا۔ یہ وہ لوگ ہیں جو پیدائش سے لے کر مرنے تک کفر کی حالت میں رہے۔

اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے ارواح سے فرمایا کہ مانگو جو کچھ مجھ سے مانگتی ہو تو ارواح نے کہا ہم تجھ سے تجھ کو ہی چاہتی ہیں۔ پھر اللہ تعالیٰ نے بائیں جانب سے دنیا اور دنیا کی زینت ارواح کے روبرو پیش کیں، تو اشیاء دنیا میں شیطان داخل ہوا جب شیطان دنیا میں داخل ہوا تو اس نے مندرجہ ذیل بانگیں دیں۔

خوش آوازی کی بانگ۔ حسن پرستی کی بانگ۔ مستی کی بانگ۔ شراب کی بانگ۔ بدعت کی بانگ۔ تارک الصلوٰۃ کی بانگ۔ راگ رنگ کی بانگ (جب گانے بجانے والا طبقہ اس کو لہو ولعب کے لیے استعمال کرے)۔ تارک الدینا الجماعت کی بانگ (زاہد خشک یا رہبانیت وغیرہ)۔ غفلت کی بانگ۔ خود پسندی کی بانگ۔ ریا کاری کی بانگ۔ حرص وہوا کی بانگ۔ حسد کی بانگ۔ کبر کی بانگ۔ نفاق کی بانگ۔ غیبت کی بانگ۔ شرک کی بانگ۔ کفر کی بانگ۔ جہالت کی بانگ۔ جھوٹ کی بانگ۔ بدظنی کی بانگ۔ بدنظری کی بانگ۔ طمع کی بانگ۔

ان بانگوں کو سن کر ارواح میں 80% ارواح فوراً دنیا پر فدا ہو گئیں۔

(اَلدُّنْیَا جِیْفَۃٌ وَطَالِبُنَا کَلْبٌ)

ترجمہ: دنیا مردار ہے اور اس کا طالب کتا ہے۔

اور 20% ارواح اللہ تعالیٰ کے سامنے کھڑی رہ گئیں۔ اللہ تعالیٰ نے پھر لطف وکرم سے فرمایا۔ اے روحو!! مانگو جو کچھ مانگتی ہو۔ ارواح نے کہا!! ہم تجھ سے تجھی کو مانگتی ہیں۔ پھر اللہ تعالیٰ نے دائیں جانب سے بہشت اور حور وغلماں اور جنتی نعمتوں کی لذت بڑی آب وتاب اور زیب وزینت سے ارواح کے سامنے پیش کیں۔ تو باقی 20% ارواح میں سے 10% جنت میں داخل ہو گئیں۔ یہ وہ ارواح تھیں جو متقی، پاک اور پرہیزگار لوگوں کی ارواح تھیں۔ باقی 10% ارواح اللہ تعالیٰ کے سامنے اُس کے دیدار اور جلوہ تاباں میں محو رہیں۔ یہ ان لوگوں کی ارواح ہیں جو فنا فی اللہ اور نورِ الٰہی میں گم ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کی شان میں نبی کریم رؤف الرحیم ﷺ نے فرمایا۔

اَلْفَقْرُ فَخْرِیْ وَالْفَقْرُ مِنِّیْ اَلدُّنْیَا حَرَامٌ، عَلٰی اَھْلِ الْعُقْبٰی وَالْعُقْبٰی حَرَامٌ، عَلٰی اَھْلِ الدُّنْیَا وَاَھْلُ الْعُقْبٰی حَرَامٌ، عَلٰی طَالِبِ الْمَوْلٰی۔

ترجمہ: فقر میرا فخر ہے اور فقر مجھ سے ہے۔ اہل عقبیٰ پر دنیا حرام ہے اور اہل دنیا پر عقبیٰ حرام ہے اور طالبِ مولا پر دونوں حرام ہیں۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے: اِنَّمَآ اَمْرُہٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَیْئًا اَنْ یَّقُوْلَ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنُ۔

ترجمہ: جب چاہے پیدا کرنا کسی چیز کا۔ تو کہتا ہے ہو جا۔ پس وہ ہو جاتی ہے۔ (سورۃ یٰسین۔ آیت 82)

واضح ہو کہ امر قدرت کا درجہ کمال ہے جو قطع وبرید سے پاک ہے اور اصل اس کی یہ ہے کہ امر علم اور ارادہ کی منتقلی ہے اور یہ انتقال یا فیض اُس کو پہنچتا ہے جو کہ اس کے قابل ہو یعنی قابلیت کا ہونا شرطِ اول ہے۔

یَاوَارِثُ، یَارَشِیْدُ

کے خواص اور اثرات

حضرت مولانا انظر شاہ صاحبؒ

یَاوَارِثُ کے خواص اور اثرات

یہ اسم جمالی ہے اور اس کے اعداد سات سو سات (۷۰۷) ہیں۔

بلند مرتبہ حاصل ہو

جو شخص اس اسم پاک کو بکثرت پڑھے، بلند مرتبہ حاصل کرے۔

رنج و سختی سے حفاظت...... حصولِ مغفرت

جو شخص طلوع آفتاب کے وقت روزانہ ایک سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے، وہ رنج و سختی سے محفوظ رہے اور جب مرے تو اس کی مغفرت ہو۔

حصولِ صحت

اگر کوئی بیمار ہو تو چالیس (۴۰) دن تک روزانہ ایک سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھے، ان شاء اللہ صحت پائے۔

حصولِ اولاد

اگر کسی کو اولاد ہونے کی خواہش ہو تو چالیس (۴۰) دن روزہ رکھے اور روزانہ ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ افطار کے وقت پڑھے، ان شاء اللہ تعالیٰ مراد پوری ہو۔ الوارث کا نقش معظم:

۷۸۶

۱۷۲	۱۸۳	۱۸۴	۱۶۹
۱۷۷	۱۷۵	۱۷۴	۱۸۰
۱۷۳	۱۷۹	۱۷۸	۱۷۷
۱۸۵	۱۷۰	۱۷۱	۱۸۱

یَارَشِیْدُ کے خواص اور اثرات

یہ اسم جمالی ہے اور بعض کے نزدیک مشترک ہے۔ اس کے اعداد پانچ سو چودہ (۵۱۴) ہیں۔

عشق الٰہی میں پائیداری

اللہ تعالیٰ سے عشق میں پائیداری حاصل کرنے کے لئے روزانہ ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے، اللہ تعالیٰ کی محبت میں مستغرق رہے۔

صحیح تدبیر معلوم کرنا

اگر کوئی اپنا کام حل نہ کر سکے اور اس کے حل کرنے کی کوئی تدبیر سمجھ میں نہ آئے تو عشاء اور مغرب کے درمیان ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھے، جو کچھ صحیح بہتر ہوگا اس پر ظاہر ہو جائے گا۔

تمام کام آسانی سے ہوں

اگر کوئی اس کو بکثرت پڑھتا رہے، اس کے تمام کام بلا سعی اور کوشش کے انجام پاتے رہے۔

قوت حافظہ بڑھانا

اگر کوئی قوت حافظہ بڑھانے کے لئے بعد ہر نماز کے سو (۱۰۰) بار پڑھے، اس کا حافظہ قوی ہو جائے۔

مال و دولت حاصل کرنا

اگر کوئی مال و دولت حاصل کرنے اور رزق میں اضافہ کی نیت سے ترک حیوانات کر کے ایک سو ستر (۱۷۰) مرتبہ، مقررہ وقت میں پڑھنے کا معمول بنالے تو کاروبار میں اتنی ترقی ہو کہ حیران رہ جائے اور کسی ظاہری کوشش کے بغیر اس کے تمام کام پورے ہونے لگیں۔

الرشید کا نقش معظم: ۷۸۶

۱۲۴	۱۳۴	۱۳۵	۱۲۱
۱۲۹	۱۲۷	۱۲۶	۱۳۲
۱۲۵	۱۳۱	۱۳۰	۱۲۸
۱۳۶	۱۲۲	۱۲۳	۱۳۳

نادر کتب عملیات، تعویذات، رمل، جادو، جنات، آسیب اور حاضرات کے اعمال کا نایاب ذخیرہ

عملیات کا نایاب ذخیرہ
عملیات شرالی
مصنف: ڈاکٹر ایس ایس شاہ
قیمت: 1200 روپے

روزی میں برکت اور نظر بد کے موضوع پر بہترین کتاب
خفیہ بیاض زاہدی
تالیف: حافظ زاہد سلامتپوری
قیمت: 850 روپے

دست غیب، تسخیر ہمزاد، حصار مکان کے بہترین اعمال
غنیة العاملین
تالیف: حافظ زاہد سلامتپوری
قیمت: 850 روپے

نوری و سفلی اعمال پر ایک جامع کتاب
غوثیہ قلمی ڈائری
مولف: محمد سلیم قادری
قیمت: 850 روپے

خواتین کے مسائل پر مبنی ایک لاجواب کتاب
خواتین کے مسائل کا روحانی حل
ماہر روحانیات: ملازم حسین
قیمت: 1000 روپے

نورانی و سفلی ہر قسم کے مجرب اعمال کا ذخیرہ
بیاض غوثیہ (حصہ اول)
مولف: محمد سلیم قادری
قیمت: 850 روپے

کشف الارواح کے سربستہ راز
مجربات کاملین (مکمل 3 حصے یکجا)
میاں شفیق حسین قادری
قیمت: 800 روپے

استخارہ، حاضرات پر نایاب قلمی بیاض
بیاض غوثیہ (جلد دوم)
مولف: محمد سلیم قادری
قیمت: 850 روپے

سرکوں دشمنان وزبان بندی اور دست غیب کے اعمال کا مجموعہ
اعمال صالحین
مصنف: فیصل حمید نقشبندی قادری
قیمت: 640 روپے

عمل باندھ جادو، عمل شفاء، عمل بصلب اور عمل تسخیر جفر پر مستند کتاب
عملیات بخاری (حصہ دوم)
تالیف: پیر صفدر شاہ بخاری
قیمت: 450 روپے

طالبان علم الرمل کیلئے ایک معلم کتاب
اسباق الرمل
مصنف ملازم حسین
قیمت: 640 روپے

عملیات کی نایاب ترین قلمی ڈائری۔ ناکام عاملوں کیلئے خاص الخاص تحفہ
مجربات قلندری
مولف: پیر ناصر قلندری کوہاٹ
قیمت: 850 روپے

مختلف امراض کی پہچان اور ان کا علاج
دعا اور دوا سے علاج
(دستی بیاض)
مصنف: محمد شعیب
قیمت: 300 روپے

اس کتاب میں روحانی، جسمانی بیماریوں کے مجرب ومفید علاج وعملیات ہیں
پوشیدہ خزانے
مصنف: محمد اشرف امروہوی
قیمت: 360 روپے

تسخیر قلوب پر بہترین راہنما علمی و گہری کتاب
تسخیر قلوب
مصنف: سید ابوالحسن
قیمت: 360 روپے

وہ کتاب جس میں ہر قسم کی بندشیں توڑنے کے مجرب و آزمودہ عملیات موجود ہیں
بندش کیسے لگتی ہے؟
ماہر علوم روحانی ملازم حسین
قیمت: 600 روپے

استاد کی مدد کے بغیر چند دنوں میں فن جادو (شعبدہ بازی) رہبر شعبدہ بازی سیکھنے کیلئے باتصویر اور آسان کتاب
جادوگروں کا بادشاہ
قیمت: 380 روپے

ایک لاثانی کتاب جس میں عملیات، وظائف اور روحانیات کو بیان کیا گیا ہے
جامع الاسرار
مصنف: حکیم محمد رفیق حجازی
قیمت: 300 روپے

آسیبی مریض کی علامات وتشخیص۔ آسیبی امراض کا علاج اور حاضرات کے مجرب المجرب رازسینہ
حاضرات آسیب وجنات
ماہر علوم روحانی ملازم حسین
قیمت: 600 روپے

ایک مفید و پر اسرار کتاب جس میں تسخیر کے عمل اور ہمزاد کو قابو میں لانے جیسے قیمتی نسخہ جات درج ہیں
چلتا جادو
حکیم رام کشن
قیمت: 300 روپے

مکتبۃ العارف 0332-4487877, 042-35410586, maktaba@darulamal.org, darulamal.org/bookshop

ادارے کا اسلامی رسالہ "خزینہ علم وعمل" goo.gl/LPpGHe

قرآنی وظائف

صوفی محمد ندیم محمدی (لاہور)

دعائیں قبول ہوں

وَلِسُلَیْمٰنَ الرِّیْحَ عَاصِفَةً تَجْرِیْ بِاَمْرِهٖۤ اِلَى الْاَرْضِ الَّتِیْ
بٰرَكْنَا فِیْهَا ؕ وَ كُنَّا بِكُلِّ شَیْءٍ عٰلِمِیْنَ ﴿۸۱﴾ وَ مِنَ الشَّیٰطِیْنِ مَنْ
یَّغُوْصُوْنَ لَهٗ وَ یَعْمَلُوْنَ عَمَلًا دُوْنَ ذٰلِكَ ۚ وَ كُنَّا لَهُمْ
حٰفِظِیْنَ ﴿۸۲﴾ وَ اَیُّوْبَ اِذْ نَادٰی رَبَّهٗۤ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَ اَنْتَ اَرْحَمُ
الرّٰحِمِیْنَ ﴿۸۳﴾ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَكَشَفْنَا مَا بِهٖ مِنْ ضُرٍّ وَّ اٰتَیْنٰهُ
اَهْلَهٗ وَ مِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَ ذِكْرٰی لِلْعٰبِدِیْنَ ﴿۸۴﴾
وَ اِسْمٰعِیْلَ وَ اِدْرِیْسَ وَ ذَا الْكِفْلِ ؕ كُلٌّ مِّنَ الصّٰبِرِیْنَ ﴿۸۵﴾
وَ اَدْخَلْنٰهُمْ فِیْ رَحْمَتِنَا ؕ اِنَّهُمْ مِّنَ الصّٰلِحِیْنَ ﴿۸۶﴾ وَ ذَا النُّوْنِ اِذْ
ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَیْهِ فَنَادٰی فِی الظُّلُمٰتِ اَنْ
لَّاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۸۷﴾

(الانبیاء: ۸۱-۸۷)

جو شخص ان آیتوں کو بعد نمازِ عشاء اکیس (۲۱) مرتبہ پڑھے گا، اللہ تعالیٰ اس کی دعاؤں کو قبول فرمائیں گے۔

اطمینان والی زندگی عطا ہو

وَ قُلْ رَّبِّ اَنْزِلْنِیْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّ اَنْتَ خَیْرُ الْمُنْزِلِیْنَ ﴿۲۹﴾ اِنَّ
فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ وَّ اِنْ كُنَّا لَمُبْتَلِیْنَ ﴿۳۰﴾ ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ
قَرْنًا اٰخَرِیْنَ ﴿۳۱﴾ فَاَرْسَلْنَا فِیْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ
مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ ؕ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۳۲﴾ وَ قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهِ
الَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَ كَذَّبُوْا بِلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ وَ اَتْرَفْنٰهُمْ فِی الْحَیٰوةِ
الدُّنْیَا ۙ مَا هٰذَاۤ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ یَاْكُلُ مِمَّا تَاْكُلُوْنَ مِنْهُ
وَ یَشْرَبُ مِمَّا تَشْرَبُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَ لَئِنْ اَطَعْتُمْ بَشَرًا مِّثْلَكُمْ ۙ اِنَّكُمْ
اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴿۳۴﴾ اَیَعِدُكُمْ اَنَّكُمْ اِذَا مِتُّمْ وَ كُنْتُمْ تُرَابًا
وَّ عِظَامًا اَنَّكُمْ مُّخْرَجُوْنَ ﴿۳۵﴾ هَیْهَاتَ هَیْهَاتَ لِمَا تُوْعَدُوْنَ ﴿۳۶﴾
اِنْ هِیَ اِلَّا حَیَاتُنَا الدُّنْیَا نَمُوْتُ وَ نَحْیَا وَ مَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِیْنَ ﴿۳۷﴾
اِنْ هُوَ اِلَّا رَجُلُ افْتَرٰی عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا وَّ مَا نَحْنُ لَهٗ بِمُؤْمِنِیْنَ ﴿۳۸﴾
قَالَ رَبِّ انْصُرْنِیْ بِمَا كَذَّبُوْنِ ﴿۳۹﴾ قَالَ عَمَّا قَلِیْلٍ لَّیُصْبِحُنَّ
نٰدِمِیْنَ ﴿۴۰﴾ فَاَخَذَتْهُمُ الصَّیْحَةُ بِالْحَقِّ فَجَعَلْنٰهُمْ غُثَآءً ۚ فَبُعْدًا
لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۴۱﴾ ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قُرُوْنًا اٰخَرِیْنَ ﴿۴۲﴾ مَا
تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَ مَا یَسْتَاْخِرُوْنَ ﴿۴۳﴾ (المؤمنون: ۲۹-۴۳)

جو شخص ان آیتوں کو بعد نمازِ فجر اکیس (۲۱) مرتبہ پڑھے گا، اللہ تعالیٰ اس کو اطمینان والی زندگی عطا فرمائیں گے۔

اللہ تعالیٰ شفقت فرمائیں

لَوْ لَاۤ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ ظَنَّ الْمُؤْمِنُوْنَ وَ الْمُؤْمِنٰتُ بِاَنْفُسِهِمْ
خَیْرًا ۙ وَّ قَالُوْا هٰذَاۤ اِفْكٌ مُّبِیْنٌ ﴿۱۲﴾ لَوْ لَا جَآءُوْ عَلَیْهِ بِاَرْبَعَةِ
شُهَدَآءَ ۚ فَاِذْ لَمْ یَاْتُوْا بِالشُّهَدَآءِ فَاُولٰٓئِكَ عِنْدَ اللّٰهِ هُمُ
الْكٰذِبُوْنَ ﴿۱۳﴾ وَ لَوْ لَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَیْكُمْ وَ رَحْمَتُهٗ فِی الدُّنْیَا
وَ الْاٰخِرَةِ لَمَسَّكُمْ فِیْ مَاۤ اَفَضْتُمْ فِیْهِ عَذَابٌ عَظِیْمٌ ﴿۱۴﴾ اِذْ
تَلَقَّوْنَهٗ بِاَلْسِنَتِكُمْ وَ تَقُوْلُوْنَ بِاَفْوَاهِكُمْ مَّا لَیْسَ لَكُمْ بِهٖ
عِلْمٌ وَّ تَحْسَبُوْنَهٗ هَیِّنًا ۖ وَّ هُوَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِیْمٌ ﴿۱۵﴾ وَ لَوْ لَاۤ اِذْ
سَمِعْتُمُوْهُ قُلْتُمْ مَّا یَكُوْنُ لَنَاۤ اَنْ نَّتَكَلَّمَ بِهٰذَا ۖ سُبْحٰنَكَ هٰذَا
بُهْتَانٌ عَظِیْمٌ ﴿۱۶﴾ یَعِظُكُمُ اللّٰهُ اَنْ تَعُوْدُوْا لِمِثْلِهٖۤ اَبَدًا اِنْ
كُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ﴿۱۷﴾ وَ یُبَیِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰیٰتِ ؕ وَ اللّٰهُ عَلِیْمٌ
حَكِیْمٌ ﴿۱۸﴾ اِنَّ الَّذِیْنَ یُحِبُّوْنَ اَنْ تَشِیْعَ الْفَاحِشَةُ فِی الَّذِیْنَ
اٰمَنُوْا لَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ۙ فِی الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَةِ ؕ وَ اللّٰهُ یَعْلَمُ
وَ اَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَ لَوْ لَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَیْكُمْ وَ رَحْمَتُهٗ وَ اَنَّ
اللّٰهَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ﴿۲۰﴾ (النور: ۱۲-۲۰)

جو شخص ان آیتوں کو بعد نمازِ عشاء اکیس (۲۱) مرتبہ پڑھے گا، اللہ تعالیٰ اس پر شفقت فرمائیں گے۔

سورۂ ملک کی تلاوت کا ثواب

حضرت مولانا مفتی امداد اللہ انور دامت برکاتہم

حدیث: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

ترجمہ: ''قرآن کریم میں تیس آیات کی ایک سورۃ ہے۔ یہ انسان کیلئے اتنا شفاعت کرتی ہے کہ اس کی مغفرت ہو جاتی ہے۔ یہ سورۃ ''تبارك الذى بيده الملك'' ہے۔'' (ابوداؤد والترمذی وحسنہ والنسائی وابن ماجہ وابن حبان والحاکم وقال صحیح الاسناد)

عذابِ قبر سے نجات کا ذریعہ

حدیث: حضرت ابن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ ''جس شخص نے ہر رات سورۃ ''تبارك الذى بيده الملك'' کی تلاوت کی، اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے اس کے عذابِ قبر کو روک دیں گے۔'' ہم (صحابہ کرامؓ نے) رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں اس سورۃ کا نام ''المانعہ'' (روکنے والی) رکھا ہوا تھا۔ یہ قرآن کریم میں ایسی سورت ہے، جس نے اس کو رات کے وقت تلاوت کیا، اس نے بہت زیادہ عمل کیا اور بہت بہتر عمل کیا۔

(نسائی والحاکم وقال صحیح الاسناد)

قبر سے سورۂ ملک پڑھنے والے کی آواز آرہی تھی

حدیث: حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرامؓ میں سے ایک صحابیؓ نے کسی قبر پر اپنا خیمہ لگا لیا۔ اس کو علم نہیں تھا کہ یہاں قبر ہے۔ حالانکہ وہ ایک انسان کی قبر تھی جو اس میں سورۂ ملک کی تلاوت کر رہا تھا۔ حتیٰ کہ اس (مردہ) نے سورۂ ملک پوری تلاوت کر دی۔ یہ صحابی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا ''یا رسول اللہ! میں نے ایک قبر پر اپنا خیمہ لگا لیا حالانکہ مجھے معلوم نہیں تھا کہ یہاں قبر ہے مگر وہاں پر ایک انسان کی قبر تھی جو سورۃ الملک کی تلاوت کر رہا تھا، حتیٰ کہ اس نے پوری سورۃ پڑھ ڈالی۔'' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ''یہ مانعہ ہے، ''نجات'' دینے والی ہے، جس نے اس کو عذابِ قبر سے نجات دلائی ہے۔''

(ترمذی باسناد)

روحانی عملیات

ڈاکٹر حشمت جاہ

ہر اہم کام سے پہلے پڑھنے کا وظیفہ

ہر اہم کام کے واسطے وضو کر کے قبلہ رو بیٹھے اور پہلے دس دفعہ درود شریف پڑھے پھر تین سو ساٹھ (۳۶۰) مرتبہ لَا مَلْجَاَ وَلَا مَنْجَاَ مِنَ اللّٰہِ اِلَّا اِلَیْہِ۔

شیطانی اثرات سے حفاظت، تدبیروں میں صحیح فیصلہ

سورۃ الانشراح کی خاصیتوں سے یہ بھی ہے کہ جو شخص اس کو سونے کے وقت ستر (۷۰) مرتبہ پڑھ کر اپنے سینہ پر دم کرے تو اس کو خطرۂ شیطانی بھی حیران نہ کرے اور معاملہ کی تدبیروں میں اس سے خطا اور بھول چوک نہ ہونے پائے۔ (تفسیر عزیزی)

آفتوں اور بیماریوں سے محفوظ رہیں

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ۭ ثُمَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ①

(الانعام:۱)

جو شخص ان آیتوں کو صبح و شام سات (۷) مرتبہ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کرے اور تمام بدن اور سر پر ملے تو وہ ساری آفتوں اور بیماریوں سے محفوظ رہے۔

کھیتی اچھی ہو

اِنَّ اللّٰہَ فَالِقُ الْحَبِّ وَالنَّوٰی ۭ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَمُخْرِجُ الْمَيِّتِ مِنَ الْحَيِّ ۭ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿۹۵﴾

(الانعام:۹۵)

اگر ان آیتوں کو زعفران اور کافور سے پاک برتن میں لکھ کر کنوئیں کے پانی سے دھوئے اور جن جن غلوں کو بونا منظور ہو، ان کو اس پانی میں بھگو کر بوئے تو ان شاء اللہ تعالیٰ کھیتی اچھی ہو۔ درخت جلد اُگیں۔ پھل اچھے آئیں اور خوشگوار ہوں اور سارے حیوانات سے محفوظ رہیں۔

درخت کو پھل زیادہ لگے

وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً ۚ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ نَبَاتَ كُلِّ شَيْءٍ فَاَخْرَجْنَا مِنْهُ خَضِرًا نُّخْرِجُ مِنْهُ حَبًّا مُّتَرَاكِبًا ۚ وَمِنَ النَّخْلِ مِنْ طَلْعِهَا قِنْوَانٌ دَانِيَةٌ وَّجَنّٰتٍ مِّنْ اَعْنَابٍ وَّالزَّيْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ مُشْتَبِهًا وَّغَيْرَ مُتَشَابِهٍ ۭ اُنْظُرُوْٓا اِلٰى ثَمَرِهٖٓ اِذَآ اَثْمَرَ وَيَنْعِهٖ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكُمْ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۹۹﴾

(الانعام:۹۹)

اگر اس آیت کو جمعہ کے روز کسی وقت لکھ کر اور دھو کر کنوئیں میں ڈال دیں اور اس سے درختوں میں پانی دیں تو ان شاء اللہ پھلوں میں برکت ہو اور نظر بد بلکہ سب آفتوں سے محفوظ رہے۔

دشمن بھگانے کیلئے

اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا ① وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا ② وَقَالَ الْاِنْسَانُ مَا لَهَا ③ يَوْمَىِٕذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا ④ بِاَنَّ رَبَّكَ اَوْحٰى لَهَا ⑤ يَوْمَىِٕذٍ يَّصْدُرُ النَّاسُ اَشْتَاتًا ۥ (الزلزال:۱-۵)

جو کوئی ان آیتوں کو ایک مٹھی خاک پر دم کر کے دشمنوں کی فوج پر پھینکے۔ بحکم خداوند تعالیٰ، وہ سب بھاگ جائیں اور شکست پائیں۔

غیب سے رزق ملے

ثُمَّ بَعَثْنٰكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَوْتِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۵۶﴾ وَظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ وَاَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى ۭ كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ۭ (البقرۃ:۵۶-۵۷)

جو شخص ان آیات کو چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کرائے اور پہنے رہے، اسے ایسی جگہ سے رزق ملے کہ وہم و گمان میں بھی نہ ہو اور خوشحال رہے۔

عام اجازت والے اعمال

مرتب: مولانا قاری ممتاز (رکن مجلس شوریٰ)

محتاجی سے نجات

سورۂ بلد کو تین (۳) یا سات (۷) دفعہ روزانہ پڑھیں، چالیس (۴۰) دن تک۔ ان شاء اللہ کسی قسم کی پریشانی وکسی کی محتاجی نہیں ہوگی۔

خاتمۂ دشمن

سورۂ لہب کو چالیس (۴۰) دفعہ مٹی پر پڑھ کر دم کر کے دشمن کے راستے میں گرادیں یا پانی پر دم کر کے دشمن کو پلادیں تو ذلیل وخوار، تباہ وبرباد ہوگا۔

دفع جادو کے لیے عمل

قُلْنَا لَا تَخَفْ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعْلٰى ﴿۶۸﴾ وَاَلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا ۭ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ۭ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى ﴿۶۹﴾ (طٰہٰ: ۶۸-۶۹)

اگر کسی کو شک ہو کہ اس پر جادو کیا گیا ہے یا علامتیں محسوس ہو رہی ہوں تو جادو کے اثر کو ختم کرنے کے لیے گیارہ (۱۱) دن تک ایک سو (۱۰۰) دفعہ پڑھ کر اپنے اوپر پھونکیں۔ اس عمل کے دوران کوئی دوسرا عمل نہ پڑھیں۔

باز رکھنے کا عمل

قُلْ لَّا يَسْتَوِي الْخَبِيْثُ وَالطَّيِّبُ وَلَوْ اَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيْثِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰۰﴾

(المآئدۃ: ۱۰۰)

اگر کسی عورت کا خاوند کسی دوسری عورت سے ناجائز تعلقات رکھتا ہو یا حرام کی کمائی گھر میں لاتا ہو تو اسے باز رکھنے کے لیے گیارہ (۱۱) دن تک ایک سو اکتالیس (۱۴۱) مرتبہ اس آیت کو کسی کھانے کی چیز پر پڑھ کر دم کر کے کھلائیں۔ ان شاء اللہ کامیابی ہوگی۔

عالم فاضل ہونے کا عمل

وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ ۭ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا ﴿۱۱۳﴾ (النسآء: ۱۱۳)

اگر کند ذہن بچے کو یا طالب علم کو ایک سو اکیس (۱۲۱) مرتبہ پانی پر دم کر کے روزانہ پلائیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے عالم فاضل ہو جائے گا۔

ہدایت کا عمل

وَهَدَيْنٰهُمَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ﴿۱۱۸﴾ (الصّٰفّٰت: ۱۱۸)

اگر کوئی شخص سیدھی راہ سے بھٹک جائے، اسے اچھائی برائی کی کوئی تمیز نہ رہے تو اس آیت کو تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ پانی پر دم کر کے اس وقت تک پلائیں، جب تک اس کی حالت سدھر نہ جائے۔

حاجت روا عمل

فَدَعَا رَبَّهٗٓ اَنِّىْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ﴿۱۰﴾ (القمر: ۱۰)

اگر کسی شخص کو کوئی بیماری ہو اور ڈاکٹر کی سمجھ سے باہر ہو یا کوئی دوا اثر نہ کرتی ہو یا کوئی شخص مظلوم ہو اور ظالم کا ظلم انتہا تک پہنچ چکا ہو تو روزانہ تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ اس آیت کو پڑھ کر آسمان کی طرف منہ کر کے پھونکیں اور مریض کو پانی پر دم کر کے پلائیں۔ یہ عمل اکیس (۲۱) روز تک کریں۔

دفع یرقان کا عمل

اگر کسی شخص کو یرقان ہو گیا ہو تو وہ پہلے سورۃ الفاتحہ ایک بار، پھر سورۃ الحشر سات (۷) دفعہ اور پھر ایک بار سورۃ القریش پڑھ کر پانی پر دم کر کے اس وقت تک پلائیں، جب تک فائدہ نہ ہو۔

اولاد کے لیے عمل

وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۭ يَخْلُقُ مَا يَشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۷﴾ (المآئدۃ: ۱۷)

جو شخص اولاد سے ناامید ہو، وہ اکتالیس (۴۱) دن تک تین سو (۳۰۰) مرتبہ کسی میٹھی چیز پر پڑھ کر دم کر کے آدھا خاوند اور آدھا بیوی کھائے۔

چند کام کی باتیں جو مریضوں اور عاملین کے لئے مفید ہیں

مولانا علی آفاق (مدیر خزینۂ روحانیات)

آج کل ہمارے معاشرے میں ہماری شامتِ اعمال، حسد و بغض، کینہ پروری جہالت، دین سے دوری، آخرت پر یقین متزلزل ہونے، قبر کے یقین میں کمی کی بناء پر اور بعض لوگوں کو آزمائش، ابتلاء اور امتحان کے اعتبار سے مختلف پریشانیوں، تکالیف، جادو، جنات، بندش، بے اولادی، بے روزگاری، بیماری، ذہنی اور نفسیاتی مسائل کا سامنا ہے۔ اس معاملے میں اگر صرف بات شامتِ اعمال کی ہو تو پھر فوری طور پر معافی، توبہ، استغفار کے بغیر مسائل ہرگز حل نہیں ہو سکتے۔ کوئی عامل، روحانی معالج، جادوگر، جادو کی کاٹ کا دعویٰ کرنے والا اس پریشانی کو بغیر توبہ، استغفار کروائے کاٹنے کی مجال و جرأت نہیں کر سکتا۔ دوسری صورت حسد، جہالت، بدعملی اور کینہ کی بناء پر شریک، برداری، بھائی، بھاوج، دیور جیٹھ کے معاملات، اس طرح کی پریشانیوں کو گھڑ کر اپنی معاشی اخلاقی، سماجی، دینی تباہی کے ساتھ ساتھ دوسروں کی تباہی، بے اولادی، بے روزگاری، غم اور دکھ کو دیکھ کر پھولے نہیں سماتے تو ان کا حل اللہ کی مدد، نصرت، قوت اور طاقت کو ساتھ لے کر بھرپور مقابلہ کرنا ضروری ہے۔ ورنہ اس طرح کے بدفطرت، بدطینت لوگ جان دیتے ہیں۔ قرضوں میں ڈوب جاتے ہیں۔ بدحالی اور معاشی تنگی اٹھا کر بھی اپنے عزیز و احباب کا غم، بیماری دکھ کے طلبگار ہوتے ہیں۔ ان کی بیمار روح دوسروں کو تکلیف میں دیکھ کر سانپ، بچھو کی مانند خوش ہوتی ہے۔ اب ایسے لوگ جو جادو کرتے ہیں یا کرواتے ہیں ان کے پاس سفلی عمل کے ذریعے جنات، شیاطین کو مسلط کرنے کے سوا کوئی چارہ نہیں ہوتا، مریض کے سردرد کی شکایت، امراض کا مسلسل مریض کو اپنے حصار اور پنجوں میں دبوچے رکھنا، جنات اور سفلی مخلوقات کے مسلط کئے بغیر ممکن ہی نہیں۔ لہٰذا

اس موقع پر صرف وظیفہ پڑھ کر دعا کرنا حقیقی علاج اور خدائے وحدہ لاشریک لہ کی مرضی اور منشاء کے بھی خلاف ہے۔ کیونکہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دعا کے موقع پر ساری رات دعا اور نماز میں گزاری ہے۔ مگر صبح میدان میں، جری، بہادر پہلوان صحابہؓ کی شکل میں اتارے ہیں۔ لہٰذا توکل، اعتماد، تقویٰ، اللہ کی ذات پر اور جنات کے مقابلے میں جنات کو لا کھڑا کرنا اور مقابلے میں سامنے والے پہلوان سے بہتر مضبوط اور عمدہ پہلوان کے ذریعے لڑائی جیتنے کی فکر کرنا اہم ہے۔ لہٰذا ہماری اس بات کا خلاصہ یہ ہے کہ جادو، جنات کے مقابلے میں واحد درست طریقہ مختلف قرآنی، نورانی، علوی، جو بھی عمل کسی ماہر عامل سے سیکھا ہو، اس کو استعمال کرنا چاہیے۔ جس کے پڑھنے پر آپ کے پیچھے مدد کا نیٹ ورک ایکٹو ہو سکے۔ ورنہ صرف مایوسی، بدگمانی اور معاذ اللہ قرآن و سنت اور کلمہ سے بھی ناامیدی کا خطرہ ہے۔ جس کے باعث ایمان سے محرومی کا خطرہ ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کی حفاظت فرمائیں۔

مندرہ کبیر

ہدیہ 7100 روپے

جنات، جادو، آسیب، دشمن، جادوگر، شیاطین کے خلاف ایک انتہائی مضبوط روحانی ہتھیار ہے۔ جس عامل کے پاس یہ عمل ہوتا ہے، اس پر آسانی سے جادو اور جنات کا حملہ نہیں ہوتا۔ اس عمل کے پیچھے جو مخلوق ہے، وہ لڑنے کی ماہر ہے اور دشمن کو اچھا سبق سکھانے کی صلاحیت رکھتی ہے۔

چھوٹے درجے کے جنات وجادو صرف اس کے دم سے ہی ختم ہوجاتے ہیں یا بھاگ جاتے ہیں۔ آج کل کے ماحول کے لحاظ سے ایک بہترین عمل ہے۔ اس عمل کا کم از کم ایک چلّہ کرنا ضروری ہے۔

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ، لاہور، پاکستان
ناظم: 0346-4661681 نائب ناظم: 0345-4661681
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com
0320-4661681, 042-35410586

نورانی مندرہ

ہدیہ 7100 روپے

ہر طرح کے جادو اور جنات سے نجات اور ہر طرح کے عمل کو واپس کرنے کا خاص عمل۔ یہ وہ واحد عمل ہے جو ہر قسم کے مندروں کا بھی توڑ ہے۔ اس کے عامل پر آسانی سے جنات اور جادو کا حملہ نہیں ہوتا۔ اور چھوٹے جنات وشیاطین تو اس کے عامل سے مقابلہ ہی نہیں کرتے، بھاگ جاتے ہیں۔

جادو، جنات کے اثرات کے علاوہ پیچیدہ قسم کی بیماریوں کے لیے بھی مجرب ہے۔ خاص کروہ بیماریاں، جو جادو اور جنات کی وجہ سے بنی ہوں۔ اس عمل کا بھی چلّہ کرنا ضروری ہے۔

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ، لاہور، پاکستان
ناظم: 0346-4661681 نائب ناظم: 0345-4661681
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com
0320-4661681, 042-35410586

ہر قسم جادو، نظرِ بد، جنات سے نجات وحفاظت کا عمل

"عمل باندہ جادو" ایک ایسا عمل ہے، جس سے ہر طرح کی نظرِ بد...... غیبی مخلوق جیسے جن، پری، بھوت، ڈائن، خبیث، شیطان، ابلیس وغیرہ...... ہر قسم کا جادو ٹونہ جو مختلف طریقوں سے کیا ہوا جیسے گڈا (پتلہ) بنایا ہو، مسان کا عمل کیا ہو، تعویذ کیے ہوں، کھلایا پلایا ہو، کہیں عمل کر کے دبایا ہو، آگ پر رکھا ہو، گرہوں پر پڑھ کر پھونکا ہو یا کسی بھی قسم کا عمل کیا ہو...... ان سب کو باندھا اور علاج کیا جاسکتا ہے۔ اس عمل کے عامل پر جادو کا وار بہت مشکل سے چلتا ہے۔ دو چلّوں کے بعد، اس عمل کا عامل بنا جاسکتا ہے۔ تیسرا چلّہ مزید ترقی کیلیے ہے۔

عمل کی فیس: 1600 روپے

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ، لاہور، پاکستان
ناظم: 0346-4661681 نائب ناظم: 0345-4661681
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com
0320-4661681, 042-35410586

عمل عصائے کلیم اللہ

ہدیہ 1100 روپے

سخت جادو کی کاٹ کا ایک خاص عمل۔ یہ عمل بھی مندرے کی طرح کام کرتا ہے، مگر تاثیر میں مندرے سے کافی کم ہے۔ مریض کو دم کرنے سے فوری فرق پڑتا ہے اور مسلسل دم کرنے سے جادو بہت جلد کٹ جاتا ہے۔

ایک آسان عمل ہے، جو آج کل کے ماحول کے لحاظ سے خوب کام کرتا ہے۔ اس عمل کا چلّہ کرنا ہوتا ہے۔

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ، لاہور، پاکستان
ناظم: 0346-4661681 نائب ناظم: 0345-4661681
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com
0320-4661681, 042-35410586

آسیب کو جلانے اور قتل کرنے کا فلیتہ

ابو حامد

آسیب زدہ کے لئے مجرب ہے۔ یہ فلیتہ لکھ کر گیارہ تار کے نیلے ڈورے میں لپیٹ لیں اور ایک گھڑے کو الٹا کر کے اُس پر تازی مٹی رکھ کر کورا چراغ رکھیں اور فلیتہ کو روشن کریں۔ مریض کو قریب بٹھائیں اور کہیں کہ نظر چراغ کی طرف رکھے۔ پس دفعۃً آسیب حاضر ہو کر کلام کرے گا۔ خواہ اُس سے قول وقرار کر کے رہا کر دیں، خواہ اسے جلا دیں یعنی فلیتہ کو روشن رکھیں، آسیب جل جائے گا۔ اور اگر عامل مریض کے پاس نہ جا سکے تو یہ فلیتہ لکھ کر دیں تا کہ بدستور مذکورہ روشن کیا جائے۔ اور دو تین فلیتہ متواتر روشن کریں۔ آخر کار تیل میں خون ظاہر ہوگا اور آسیب قتل ہوگا۔



فلیتہ یہ ہے:

اگر مریض کو آسیب زحمت دیتا ہو تو دوسری صورت یہ ہے کہ فلیتہ انہیں اسماء و نقوش کے ساتھ لکھ کر روغن شیریں میں مریض کے روبرو روشن کرے۔ اُس فلیتے میں بہت بہت بلائیں مریض کو نظر آئیں گی اور اگر فلیتہ کو روشن رکھے گا تو سب بلائیں جل جائیں گی اور مریض صحت پائے گا۔ پس صحتِ مریض کے بعد حاضرات کریں یعنی خوشبو دار پھول شیرینی جو کچھ میسر ہو، مریض سے طلب کر کے کسی پاک جگہ کو لیپ پوت کر رکھیں اور مریض کو غسل دے کر وہاں بٹھائیں اور شیرینی پر مؤکلوں کی نیاز دے کر لڑکوں کو تقسیم کر دے۔ مریض یا اُس کے وارث اگر عامل کو کچھ نذر دیں تو اس کا لینا بالکل جائز ہے۔ لیکن حرام میں صرف نہ کریں اور قدرے مؤکلوں کی نیاز بھی دیں۔

نوٹ: یہ فلیتہ روحانی دکان، دار العمل چشتیہ، لاہور سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔ فلیتہ پرنٹڈ ہے۔ فی کاپی ۱۰۰ اعدد فلیتے ہیں۔ فلیتہ حاصل کرنے کے لیے رابطہ کریں: 0334-4312272

تسخیر موہنی دیوی کا مکمل عمل

قیصر احمد بی۔اے۔ (کراچی)

تسخیر موہنی دیوی

معزز قارئین وعاملین ومبتدی حضرات۔ یہ عمل آپ کو کئی کتابوں میں ملے گا مگر ہر لکھنے والے نے اس عمل کو ادھورا لکھا ہے۔ ان کو خود معلوم نہ ہوگا اور نقل در نقل اسی طرح ہر عامل نے اپنی اپنی کتابوں میں لکھ دیا۔ لیجئے آپ حضرات کے لئے ہم نے عمل مکمل لکھ دیا ہے تاکہ ہر شخص اس عمل کو کرکے کامیابی حاصل کرے اور اپنی دلی مراد حاصل کرے۔

تسخیر موہنی دیوی کا مکمل عمل

موہنی موہنی میں پکاروں موہنی تیرا نام
بھری سبھا کے بیچ دیکھوں موہنی تیرا کام
چل موہنی راجہ اندر کے اکھاڑے کی رانی
موہنی حاضر شو حاضر شو، حاضر ہو کر میرا ہر کام کر
یا قدیر قادر موہنی کو کر حاضر

طریقہ: نوچندی سنیچر نوچندی اتوار **707** مرتبہ **21** یوم یا **41** یوم رات **12** بجے عمل پڑھیں۔ منہ شمال مشرق۔

توشہ: **5** رنگ کی مٹھائی، **5** عدد گلاب کے پھول، ایک عدد گیندے کا ہار۔ توشہ ہر تین یوم بعد تیار رکھیں۔

بخور: اگربتی سلگائیں اور روزانہ باقاعدگی سے اصلی گھی کا چراغ لازمی روشن کریں۔

حاضر ہونے پر قول وقرار وشرائط طے کرلیں۔ نشانی وغیرہ لے لیں اور بلانے کا طریقہ معلوم کرلیں۔ لاجواب تحفہ ہے۔ کامل یقین ہے کہ آپ ہر فکر ومعاشی تنگی سے آزاد ہوجاؤ گے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

نوٹ: اجازت لینا لازمی ہے۔

سوچ اور یکسوئی وفکر کی طاقت

قیصر احمد بی۔اے۔ (کراچی)

محمود غزنوی کا مشہور واقعہ ہے کہ جب محمود غزنوی نے سومنات کو فتح کرنے کا ارادہ کیا تو افغانستان میں فوج کو ترتیب دے رہا تھا تو یہاں ہندوستان کے عوام کو پتہ چل گیا اور وہ بہت پریشان ہوئے اور وہاں کے مہاراجوں اور وہاں کی حکومت نے سوچا کہ محمود غزنوی کے حملے کو کیسے روکا جائے؟ اس کے لئے حکومت نے اپنے اعلیٰ لوگوں سے مشورہ کیا۔ اور پھر وہاں کے عہدیداروں، پنڈت یا پروہت جو کہ مندر کے بڑے بڑے پجاری ہوتے ہیں، انہوں نے کہا کہ یہ کام ہم کرتے ہیں اور لوگوں سے کہا آپ بے فکر ہوجائیں۔ ادھر پنڈتوں نے ایک جماعت تیار کی جس کی سوچ اور فکر ایک ہی تھی کہ محمود غزنوی بیمار ہوجائے۔ ادھر یہ جماعت خالص ایک فکر اور سوچ لے کر بیٹھ گئی اور فوراً (محمود غزنوی بیمار ہوگیا)۔ محمود غزنوی واقعتاً حقیقتاً بیمار ہوگیا اور بالکل بستر سے لگ گیا۔ محمود غزنوی بھی پریشان ہوا اور اس نے اپنے جاسوس ومخبر بھی ہندوستان بھیجے کہ اس حملے کے وہاں پر کیا اثرات ہیں تو جاسوس نے اطلاع دی کہ پنڈتوں وسادھوں کی ایک جماعت صرف اس لئے بیٹھی ہے جس کی سوچ اور فکر ایک ہی ہے کہ محمود غزنوی بیمار ہوجائے۔ جب یہ اطلاع ملی تو محمود غزنوی نے جاسوس سے کہا جو کہ محمود غزنوی کا فوجی عہدیدار بھی تھا اور محمود غزنوی کا ہم شکل بھی تھا کہ تم فوراً میرا لباس پہنو اور گھوڑے پر بیٹھ کر فوج کو تیاری کا حکم دو۔ میری بیماری کا پتہ صرف میرے اندرون خانہ اور چند عہدیداروں کو ہے اور فوج کی بھاگ دوڑ تم سنبھالو اور فوج کو کوچ کا حکم دو۔ جب یہ خبر ہندوستان پہنچی تو پنڈت بہت پریشان ہوئے کہ ہمیں تو اطلاع ملی تھی کہ محمود غزنوی بہت بیمار ہے۔ یہ کیا ہے؟ پھر پنڈت کہنے لگے کہ ہمارے اندر کوئی ایسا موجود ہے کہ جس کی سوچ اور فکر میں تبدیلی آگئی ہے جس کی وجہ سے محمود غزنوی بیمار نہیں ہوا۔ ادھر اس جماعت کی فکر وسوچ ٹوٹی، ادھر محمود غزنوی صحت یاب ہونا شروع ہوگیا اور صرف چند روز میں پھر سے صحت مند ہوکر فوج کی بھاگ دوڑ اپنے پاس واپس لے لی اور اس طرح پھر سومنات کی فتح ہوئی۔

حاضرات اسماء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم


خضر عباس پیاسی (راجن پور)

حاضرات اسم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ''معلوم''

پرسکون ماحول اور الگ کمرہ میں احرام زیب تن کر کے ذیل کے حاضرات کے عمل کو ایک سو چھیاسی (۱۸۶) مرتبہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بعد چلہ حاضرات اسم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ''معلوم'' کے موکل ''وفقائیل'' کی ہوگی۔ جب موکل حاضر ہو، اپنے مطلب کے مطابق سوالات کریں۔ سو فیصد درست جوابات ملیں گے۔ چلتے پھرتے، اُٹھتے بیٹھتے، کھاتے پیتے، ہمہ وقت درود شریف کا ورد رکھیں۔ اس کے علاوہ رات سونے سے پہلے حاضرات ہذا کا عمل گیارہ (۱۱) مرتبہ ضرور پڑھا کریں تاکہ حاضرات جاری رہے۔

عمل: ارنی انظر الیك یاوفقائیل بحق یامعلوم بحق سلیمان بن داؤد علیہ السلام حاضر کرو حاضرات المدد یااللہ الرحمن الرحیم۔


حاضرات نقش



حاضرات اسم سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ''حق''

حاضرات اسم سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ''حق'' کے خادم موکل ''حقائیل'' کے لیے نوچندی جمعرات یا جمعہ کی رات سے ذیل کے حاضرات کے عمل کو اپنے نام معہ والدہ کے اعداد کے مطابق پڑھیں۔ بعد چلہ کشی بچی یا بچے پر حاضرات کریں۔ موکل جب حاضر ہو، اپنے مقصد کے مطابق ان سے سوالات کریں۔ بعد عمل گیارہ (۱۱) مرتبہ حاضرات کے عمل کو روزانہ رات سونے سے قبل پڑھیں۔

عمل: اقسمت علیکم یاحقائیل بحق یاحق حاضر کرو حاضرات سب حکم میں بحق تورات موسی و انجیل عیسی زبور داؤد قرآن محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حاضر شو حاضر شو۔



حاضرات کا نقش

حاضرات کے خاص اعمال

ابوالکاشف کشفی قلندری رحمۃ اللہ علیہ

حاضرات کا مفید عمل

یامیکائیل ۷۸۶ یاجبرائیل

۱۴۶	۱۴۹	۱۵۲	۱۳۹
۱۵۱	۱۴۰	۱۴۵	۱۵۰
۱۴۱		۱۴۷	۱۴۴
۱۴۸	۱۴۳	۱۴۲	۱۵۳

یااسرافیل حاضرات حاضرشو حاضرشو یاعزرائیل

طریقہ: مندرجہ بالا نقش کو ایک صاف کاغذ پر لکھیں اور سیاہ خانہ میں عطر گلاب لگائیں اور بچے کو کہیں کہ غور سے سیاہ خانہ میں دیکھے اور آپ (عامل) بچے پر درود شریف اور سورۂ اخلاص پڑھ پڑھ کر برابر پھونکتے رہیں، جب تک حاضرات کا نزول نہ ہو۔ تھوڑی ہی دیر میں حاضرات کا نزول ہوگا۔ پھر بچے کے ذریعے تمام تفصیل سے حالات معلوم کریں جو سو فیصد درست ہوں گے۔

مجرب عمل حاضرات......عامل حاضرات خود دیکھے

یامیکائیل ۷۸۶ یاجبرائیل

۲۱۴	۲۱۷	۲۲۰	۲۰۶
۲۱۹	۲۰۷	۲۱۳	۲۱۸
۲۰۸		۲۱۵	۲۱۲
۲۱۶	۲۱۱	۲۰۹	۲۲۱

یااسرافیل بحق سلام قولا من الرب الرحیم یاعزرائیل

حاضرات حاضرشو حاضرشو

طریقہ: مندرجہ بالا نقش میں جہاں سیاہ نشان لگادیا ہے، اس میں تھوڑا سا عطر لگائیں اور بچے کو غور سے دیکھنے کو کہیں۔ اگربتی وغیرہ سلگائیں۔ عامل بچے پر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر پھونکے اور اس آیت "سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ" کو آٹھ سو اٹھارہ (۸۱۸) مرتبہ بچی پر پڑھ کر پھونکے۔ چند ہی ثانیے میں بچے کو سیاہ خانہ میں کچھ نظر آئے گا۔ آپ بچے سے اپنے حل طلب مسائل کے بارے میں معلومات حاصل کریں اور ان بزرگ کو سلام عرض کر کے شکریے کے ساتھ جانے کی اجازت دیں۔

نوٹ: اگر عامل خود پر حاضرات کرنی چاہے تو اس آیت کو روزانہ بعد نمازِ عشاء آٹھ سو اٹھارہ (۸۱۸) مرتبہ چالیس (۴۰) یوم با پرہیز پڑھے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ سیاہ دائرہ میں نظر قائم کر کے اپنا مقصد ذہن میں رکھ کر آیت پڑھے، حتیٰ کہ حاضرات کھل جائے۔ تمام مقصد و احوال ٹی وی کی طرح نظر آئیں گے۔

حاضرات کا بے نظیر عمل

یامیکائیل ۷۸۶ یاجبرائیل

۲۵۶۱	۲۵۶۴	۲۵۶۸	۲۵۵۴
۲۵۶۷	۲۵۵۵	۲۵۶۰	۲۵۶۵
۲۵۵۶		۲۵۶۲	۲۵۵۹
۲۵۶۳	۲۵۵۸	۲۵۵۷	۲۵۶۹

یااسرافیل حاضرشو حاضرشو حاضرشو یاعزرائیل

طریقہ: مندرجہ بالا حاضرات کا نقش ایک قابل قدر تحفہ ہے۔ اس کی خوبیاں حاضرات کرنے پر معلوم ہوں گی۔ جوں جوں عامل حاضرات کرتا رہے گا، اسی مناسبت سے اس حاضرات کے اسرار و رموز اس پر منکشف ہوتے رہیں گے۔ عامل کو چاہیے کہ حاضرات کرنے سے پہلے چند اگربتیاں سلگائے۔ کمرہ صاف ستھرا ہو۔ عامل پاک ہو اور کپڑے عطر سے معطر ہوں۔ حسب حیثیت برفی پر اس نقش کے موکلوں کی نیاز دلائے۔ چند عدد گلاب کے پھول بھی رکھے۔ بعدہٗ کسی بچہ بچی یا کسی بڑے فرد پر حاضرات کرے۔ سیاہ خانہ میں جہاں سیاہ نشان لگا دیا ہے، اس میں بچے یا بڑے کو غور سے دیکھنے کو کہے اور آپ (عامل) معمول پر درود شریف پڑھ کر پھونکے اور سورۂ اخلاص برابر پڑھ کر پھونکتا رہے، جب تک حاضرات کا نزول نہ ہو۔ چند ثانیہ کے بعد حاضرات کا نزول ہو جائے گا، جس سے آپ مسائل کے بارے میں مکمل درست معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

روحانی مسائل اور ان کا حل

خالد مقبول حفظہ اللہ

وکیل بہو سے جان چھوٹ گئی

سوال میں آپ کی بہت شکر گزار ہوں۔ آپ نے جو وظائف دیے تھے، وہ میں نے پابندی سے کیے۔ اللہ کا شکر ہے کہ میری بہو نے ہماری دی ہوئی سامان کی فہرست کو مان لیا اور تھوڑا بہت جو سامان رہ گیا تھا، وہ اٹھوا لیا ہے۔ کوئی جھگڑا ابھی نہیں کیا۔ البتہ کیس ابھی تک عدالت میں چل رہا ہے۔ مجھے بتائیں کہ مزید مجھے کیا کرنا ہے۔ آپ نے گیارہ دن پڑھنے کا فرمایا تھا۔ گیارہ دن بعد آپ سے دوبارہ پوچھا تو آپ نے فرمایا کہ مزید گیارہ دن کا وظیفہ دوبارہ کریں۔ دوسرے وظیفے کے ختم ہوتے ہی ہمارا کام ہوگیا۔ میں آپ کی بہت شکر گزار ہوں۔ (پوشیدہ)

جواب محترمہ! شکر صرف اللہ ﷻ کا ادا کریں جس نے آپ کی فریاد سنی اور میری عزت رکھی۔ اس میں میرا کوئی کمال نہیں۔ واللہ، میں نے پیچھے سے کوئی عمل نہیں کیا۔ پہلا وظیفہ دوبارہ کرنے کی ضرورت نہیں۔ دوسرے وظیفے کو مزید اکیس یوم تک تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ پڑھتی رہیں۔ ان شاء اللہ، اسی دوران کیس بھی ختم ہوجائیں گے۔ تصور میں بہو کو دم کریں اور جو چاہتی ہیں، اس کا وظیفے کے اختتام پر تصور کیا کریں۔ اللہ ﷻ آپ کا حامی و ناصر ہو۔ دعاؤں میں یاد رکھیں۔

* .... * .... * .... * .... *

ماں بیٹے کو والد سے ملنے نہیں دیتی

سوال میری بیوی نے کافی عرصہ قبل مجھ سے خلع لے لیا تھا۔ میرا ایک بیٹا ہے اور وہ مجھ سے کبھی کبھار ملتا ہے۔ میری بیوی اپنے میکے میں رہتی ہے۔ اس کا خرچہ وہی لوگ اٹھاتے ہیں۔ میرا بیٹا ان سب لوگوں سے بہت ڈرتا ہے۔ اس وجہ سے وہ بہت مشکل سے میرے پاس آتا ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ ایسا عمل کریں جس سے وہ بے چین ہو کر میرے پاس آیا کرے۔ اگر اس کی ماں بھی روکے تو نہ رکے۔ ماں کو روکنے پر تکلیف ہو۔ وہ میرے بیٹے کو کھلی چھٹی دے دے۔ (ع، لاہور)

جواب بھائی! جو مسئلہ آپ نے لکھا ہے، اس کی رُو سے بیوی کو اذیت نہیں دی جاسکتی۔ اس کی گنجائش نہیں ہے۔ بیٹا آپ کا بالغ ہے۔ وہ اپنی مرضی کا مالک ہے۔ لیکن باپ سے ملنا بھی ضروری ہے۔ ایک عمل آپ کو دے رہا ہوں۔ پابندی سے کریں۔ ان شاء اللہ، وہ آپ کی طرف کھنچا چلا آئے گا۔ عمل یہ ہے: ''یَالَطِیْفُ یَاوَدُوْدُ'' گیارہ سو (۱۱۰۰) بار، اوّل و آخر گیارہ بار درود شریف۔ گیارہ سیاہ مرچیں لیں اور ہر مرچ پر ایک سو بار پڑھ کر دم کرنا ہے۔ پھر اپنے کام کا تصور رکھ کر ایک ایک مرچ کو چولہے پر رکھیں۔ پھر آگ جلادیں۔ ان شاء اللہ، گیارہ سے اکیس دن میں آپ کی مراد پوری ہو جائے گی۔

* .... * .... * .... * .... *

جان لیوا جادو سے والد کی وفات

سوال میرے والد صاحب پر عرصے سے بہت سخت سحر تھا۔ کافی عرصہ پہلے آپ نے فرمایا تھا کہ ''جان لیوا جادو ہے، کسی قریبی عامل سے جلد علاج کروائیں۔'' مگر روحانی علاج کروایا ہی نہیں۔ ڈاکٹروں کے حوالے ہی رہے۔ اور آخر کار میرے والد صاحب کا انتقال ہوگیا۔ سنا ہے کہ جادو سے اگر کوئی مرجائے تو وہ جادو اس کی اولاد پر آجاتا ہے۔ میں بہت پریشان ہوں۔ میری رہنمائی فرمائیں۔ (پوشیدہ)

جواب آپ کے والد کے انتقال کا بہت افسوس ہوا۔ بھائی! میں نے اسی لیے کہا تھا کہ قریبی عامل سے علاج کرواؤ کیونکہ مجھے کوئی اچھا اشارہ نہیں ملتا تھا۔ آپ لاہور سے بہت دور ہیں، اس لیے پابندی سے مریض کا لانا یا آپ کا آنا بھی ممکن نہیں تھا۔ اور اس طرح کے کیسز میں قریبی عامل ہی فائدہ مند رہتا ہے کیونکہ کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں آپ ان کے پاس جاسکتے ہیں۔ میرے پاس تو ویسے ہی وقت کی شدید قلت ہے۔ فون بھی پابندی سے

نہیں سن پاتا۔ بہرحال، جو ہونا تھا، وہ ہوگیا۔ صبر سے کام لیں اور اللہ جل جلالہ پر یقین رکھیں۔ اللہ جل جلالہ اُن کی مغفرت فرمائیں اور ان کو درجاتِ عالیہ عطا فرمائیں۔

جہاں تک آپ کے سوال کا تعلق ہے، آپ کے والد کی وفات کے ساتھ ہی جادو کا معاملہ بھی ختم ہو چکا ہے۔ البتہ کافی عرصہ وہ بیمار رہے اور اسی گھر میں رہے، اس وجہ سے گھر اور گھر والوں پر اثرات ہیں۔ اس کے لیے آپ پابندی سے ”منزل“ تین بار صبح وشام پڑھ کر پانی پر دم کریں اور سب گھر والے پانی پئیں اور گھر میں چھڑکاؤ کریں۔ گیارہ یوم بعد پڑھنے کی تعداد ایک کر دیں اور مسلسل اکیس یوم مزید علاج کر کے اطلاع کریں۔

....................*..........*..........*

باس ترقی نہیں ہونے دے رہا

سوال میرے باس میری ترقی میں بہت بڑی رکاوٹ بنے ہوئے ہیں۔ میرے ساتھ والے تمام سٹاف کی ترقی ہوگئی ہے جب کہ ان سب میں مَیں سینئر ہوں۔ مجھ سے آہستہ آہستہ کام بھی واپس لے کر دوسروں کو دینا شروع کر دیا ہے۔ مجھے لگ رہا ہے کہ مجھے نکال دیں گے۔ میری مدد فرمائیں۔ میرے لیے یہ نوکری بہت اہم ہے کیونکہ اس میں تنخواہ اچھی ہے اور عہدہ بھی۔ (ع، لاہور)

جواب آپ کے باس کو آپ سے راضی رکھنے کے لیے دو عمل لکھ رہا ہوں۔ دونوں ہی کرنے ہیں۔ اگر آپ دونوں نہ کرسکیں تو ایک آپ کرلیں اور ایک آپ کی والدہ یا زوجہ کرلیں۔

1. سورۃ والضحٰی اکیس (۲۱) بار، اوّل و آخر تین بار درود شریف پڑھ کر تصور میں اپنے باس پر دم کریں۔
2. حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ﴿۱۷۳﴾ (آل عمران:۱۷۳) کو چار سو پچاس (۴۵۰) بار، اوّل و آخر گیارہ بار درود شریف پڑھ کر تصور میں اپنے باس پر دم کریں۔

....................*..........*..........*

آسیبی جگہ نئی بھٹی بنائی ہے

سوال ہمارا مٹی کے برتنوں کا کاروبار ہے۔ شہر سے تھوڑا دور نئی بھٹی لگائی ہے۔ اس کو دیکھ لیں کہ کیسی رہے گی؟ (م، بہاولپور)

جواب بھائی! جہاں تک کیسی رہے گی کا تعلق ہے، وہ تو اللہ جل جلالہ ہی بہتر جانتا ہے۔ اس کے لیے استخارہ کرنا چاہیے تھا مگر آپ نے تو بھٹی لگا لی ہے۔ اب کاروبار کی ترقی کی دعائیں کریں۔

جہاں تک روحانی طور پر دیکھنے کی بات ہے تو یہ جگہ آسیبی ہے۔ یہاں جنات کی رہائش ہے۔ میرے مطابق یہ کاروبار کے لیے موزوں نہیں۔ کسی قریبی عامل سے پانی دم کرا کر چھڑکاؤ کریں۔ بہتر ہے کہ عامل سے اپنی جگہ کا حصار کا عمل کروائیں اور جنات سے معاہدہ کرلیں تاکہ کاروبار میں کوئی نقصان نہ ہو۔

....................*..........*..........*

تربیت العاملین

خالد مقبول حفظہ اللہ

چلّہ کشی میں حصار کی ضرورت

سوال میں نے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے عمل کی اجازت لی ہے۔ کیا اس کے چلّے میں حصار کرنا ضروری ہے؟ (م،ا، انڈیا)

جواب محترم! جس چلّے میں حصار کی ضرورت ہوتی ہے، وہاں لکھا ہوتا ہے۔ ہمارے جس عمل میں یا چلّے میں حصار کا نہ لکھا ہو تو اس کا مطلب ہے کہ حصار کی ضرورت نہیں۔ یہ بات ذہن نشین رکھیں کہ حصار سے مراد دائرہ لگانے والا حصار ہے۔ بدنی حصار کرنا ہر صورت میں بہتر ہوتا ہے۔ بدنی حصار سے مراد یہ ہے کہ کوئی بھی حصار کا عمل پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کر کے جسم پر پھیر لیں۔ اس سے فائدہ ہوتا ہے۔ چند اعمال ایسے ہوتے ہیں، جس میں بدنی حصار نہیں کرنا ہوتا، وہاں لکھا ہوتا ہے۔

........................*............*............*

نابالغ بچوں کا تعویذ لکھنا

سوال کیا نابالغ بچے تعویذ لکھ سکتے ہیں؟ (ع، لاہور)

جواب نابالغ بچوں کو عملیات کے کسی بھی کام میں شامل نہیں کرنا چاہیے۔ خصوصاً تعویذ لکھنا کیونکہ تعویذ لکھنے میں کئی باتوں کا دھیان رکھنا پڑتا ہے۔ اور کئی تعویذوں کو لکھنے سے اثرات بھی لکھنے والے پر پڑتے ہیں۔ اس لیے بالغ فرد ہی لکھیں۔

........................*............*............*

چلہ کی اجازت بیوی کو بھی ہو سکتی ہے؟

سوال میں نے سات سلام اور چہل کاف کی اجازت لی ہے۔ اور اس کا چلہ شروع کرنا ہے۔ کیا سات سلام اور چہل کاف دونوں پڑھنے ہیں؟ اور کیا میری بیوی بھی پڑھ سکتی ہے یعنی چلہ کر سکتی ہے؟ (ش، لاہور)

جواب جو چلہ کے طریقے کا پرچہ دیا جاتا ہے، اس کو غور سے پڑھیں۔ اس میں صرف چہل کاف لکھا ہے، اگر سات سلام بھی پڑھنے ہوتے تو ان کا بھی لکھا ہوتا۔ دوسری بات کہ چہل کاف کے پیچھے جنات ہوتے ہیں۔ خواتین کو بھی اجازت دی جاتی ہے۔ آپ کی اہلیہ کو اجازت نہیں اس لیے وہ نہیں پڑھ سکتیں۔ چلہ کرنا اجازت کے ساتھ مشروط ہے۔

........................*............*............*

سورۂ مزمل اکتالیس (۴۱) بار پڑھنے کی ترتیب

سوال خزینۂ روحانیات میں سورۂ مزمل کا وظیفہ لکھا ہے، جس میں اکتالیس (۴۱) بار سورت پڑھنی ہے۔ کیا پورے دن میں اکتالیس کی تعداد پوری کی جائے یا اور کوئی طریقہ ہے؟ وضاحت فرمادیں۔ (س،ا، اسلام آباد)

جواب سورۂ مزمل کا ایک خاص وظیفہ ہے جس میں کسی بھی ایسے کام یا مشکل کے لیے، جس کا کسی طرح حل نہ ہو رہا ہو یا رکاوٹیں پیش آ رہی ہوں، تین دن لگاتار سورۂ مزمل اکتالیس (۴۱) بار پڑھی جاتی ہے۔ یاد رکھیں کہ اس طرح کے وظائف میں پورے دن کی قید نہیں ہوتی، ایک ہی نشست کی ہوتی ہے۔ لہٰذا تین دن لگاتار، ایک ہی وقت، ایک ہی نشست میں سورۂ مزمل اکتالیس (۴۱) بار پڑھیں۔

........................*............*............*

عاملین کے مسائل اور ان کا حل

خالد مقبول حفظہ اللہ

جادو/جنات چلہ نہیں کرنے دیتے

سوال میں نے آپ سے چہل کاف کے عمل کی اجازت لی ہے۔ پہلا چلہ تو میرا ہو گیا ہے۔ دوسرے چلے میں کافی مشکل پیش آ رہی ہے۔ شروع کروں تو ٹوٹ جاتا ہے۔ میرے ساتھ جادو اور جنات کا کافی مسئلہ ہے۔ مجھے سمجھ نہیں آ رہی ہے کہ کیا کروں کہ دوسرا چلہ مکمل کر سکوں؟ مہربانی فرما کر رہنمائی فرمائیں۔ (ع، فیصل آباد)

جواب سب سے پہلے تو ایک بات ذہن نشین کر لیں کہ جادو اور جنات کے اثرات کا معاملہ جن لوگوں کے ساتھ ہوتا ہے، ان کو سب سے زیادہ توجہ علاج پر دینا چاہیے نہ کہ چلہ کشی پر۔ عمل کی اجازت کے بعد پہلا چلہ کرنا کافی ہے۔ اس دوران میں بھرپور توجہ اپنے علاج پر دینا چاہیے تھی جو کہ شاید نہیں دی گئی۔ اب علاج پر توجہ دیں اور دوسرا چلہ جب شروع کریں تو اول و آخر ایک بار درود شریف، گیارہ (۱۱) بار لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم اور گیارہ (۱۱) ہی مرتبہ آیتِ کریمہ پڑھ کر دعا کریں کہ اللہ ﷻ آپ کا چلہ بغیر کسی رکاوٹ کے پورا کرا دیں۔ پھر اپنے چلے کی پڑھائی پڑھیں اور آخر میں پھر اسی طرح اوّل و آخر ایک بار درود شریف کے ساتھ گیارہ (۱۱) بار لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم اور گیارہ (۱۱) ہی مرتبہ آیتِ کریمہ پڑھ کر دعا کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ چلہ میں مشکل پیش نہیں آئے گی۔

دوبارہ تاکید کرتا ہوں کہ اپنے، اپنی رہائشی گھر اور جہاں چلہ کرتے ہیں، اس جگہ کو جادو، جنات اور نظرِ بد کے اثرات سے پاک کریں۔ اس سلسلے میں جو رہنمائی چاہتے ہوں، وہ روحانی درسگاہ کے ناظم صاحب سے لیتے رہیں۔ اگر پھر بھی کام نہ بنے تو مجھ سے دوبارہ رابطہ کریں۔

مریضوں کا آنا بند ہو جاتا ہے

سوال استاذ محترم! ایک مسئلہ ہے کہ مریضوں کا آنا تو ہوتا ہے مگر کچھ وقت بعد بند ہو جاتا ہے۔ اس سلسلے میں رہنمائی چاہتا ہوں۔ (ق، سرگودھا)

جواب ایسا عموماً اس وقت ہوتا ہے جب عامل اپنے گھر میں یہ کام کرتا ہے۔ باہر کسی اور جگہ روحانی علاج کا سلسلہ ہو تو ایسا کم ہوتا ہے کہ مریضوں کا آنا بند ہو جائے۔

اس کا ایک آسان حل یہ ہے کہ اپنے گھر میں ایک دن مقرر کر کے سورۂ بقرۃ ایک بار پڑھوا لیا کریں۔ ایک دن عمل کرنا ہے اور سات دنوں تک گھر میں چھڑکیں۔ گھر والے پانی بھی پی لیں تو بہت اچھا ہے۔ پانی زیادہ لیں تا کہ مزید پانی ملانا نہ پڑے۔

ایک کام اور کریں کہ امنت باللہ کی کاپی کے آخر میں ۶۹ کا ایک نقش ہے، اتوار کو غسل کرنے والا۔ اس تعویذ کو پابندی سے اتوار کے روز استعمال کیا کریں۔ ان شاء اللہ آپ کی مریضوں والی شکایت دور ہو جائے گی۔

مزید اپنا، اپنے گھر والوں اور گھر کی تشخیص ضرور کیا کریں تا کہ اثرات کی بروقت تشخیص اور علاج ہو سکے۔ اگر اس پر توجہ نہ دی تو پھر روحانی ترقی رک جاتی ہے اور اثرات کا نہ ختم ہونے والا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔ اور آخر کار عمل بھی کام کرنا چھوڑ دیتے ہیں اور رجعت کا معاملہ شروع ہو جاتا ہے۔

عاملین اپنے اہل وعیال پر رحم کریں

خالد مقبول حفظہ اللہ

آج کے دور کو سفلیات کا دور کہا جائے تو غلط نہ ہوگا۔ گناہوں کی کثرت اور اعلانیہ گناہوں کی کثرت نے رحمت کو ہم سے بہت دور کر دیا ہے۔ رحمت سے دوری کا مطلب ہے رحمت کے فرشتوں سے دوری۔ جب رحمت کے فرشتے کسی جگہ سے دور ہو جاتے ہیں تو شیاطین وہاں کا رُخ کرتے ہیں کیونکہ انہیں وہاں اپنا کام کرنے میں آسانی ہوتی ہے۔

چونکہ رحمانی طاقتیں اب دور ہوتی جا رہی ہیں اور سفلی طاقتیں ہمیں گھیرتی جا رہی ہیں، اسی وجہ سے نورانی اعمال کرنے والوں کے عمل میں محنت زیادہ، فائدہ کم اور سفلی میں محنت کم اور فائدہ زیادہ ہو رہا ہے۔ ایک نورانی عامل کو جادو اور جنات کے علاج میں آج سے بیس سال قبل اتنی محنت نہیں کرنی پڑتی تھی، جتنی اب کرنی پڑتی ہے۔

جادو اور جنات کے متاثرہ مریضوں کا علاج کرنے والے تمام عاملین کے وہ تمام جن وشیاطین جو جادو میں استعمال ہوتے ہیں یا ازخود مسلط ہوتے ہیں اور عامل ان کو ہٹاتا ہے، مارتا ہے، جلاتا ہے یا بھگاتا ہے..... دشمن ہو جاتے ہیں۔ ساتھ ہی جادوگر کے جادو کی کاٹ کرنے کی وجہ سے وہ جادوگر بھی دشمن ہو جاتا ہے۔ اس طرح عامل انس وجن وشیطان..... سب سے ایک مریض کے علاج میں دشمنی مول لیتا ہے۔ جتنا وہ مریضوں کے علاج میں آگے جاتا رہتا ہے، اتنی ہی اس کی دشمنی بھی بڑھتی رہتی ہے۔

وہ عاملین، جنہوں نے مضبوط حصار کے عمل کیے ہوتے ہیں، وہ تو علاج کے دوران کافی حد تک بچے رہتے ہیں مگر کمزور حصار کے عاملین تو جلد یا بدیر جنات وشیاطین کی پکڑ میں آنا شروع ہو جاتے ہیں۔ اس مضمون میں میرا مقصد عاملین نہیں بلکہ ان کے اہل وعیال ہیں۔ اس لیے عاملین کے بارے میں نہیں لکھا جائے گا۔

یہ بات یاد رکھیں کہ جنات وشیاطین عامل پر پہلے حملہ نہیں کرتے بلکہ اس کی بیوی اور بچوں پر کرتے ہیں۔ یہ حملہ کسی بھی صورت میں ہو سکتا ہے۔ حادثات، بیماری، مشکلات، مصائب، ناکامیاں...... الغرض کسی بھی طرح سے ہو سکتا ہے۔

بچوں پر اثرات ہوں تو وہ نافرمان ہو جاتے ہیں، غلط راہوں پر چل پڑتے ہیں، دین سے دور ہو جاتے ہیں، تعلیمی میدان میں ناکامیاں ملتی ہیں، بیماریاں جان نہیں چھوڑتیں اور اسی طرح کی اور بھی علامات ہیں۔

بیوی پر اثرات ہوں تو اولاد ہونا بند ہو جاتی ہے، شوہر سے محبت کی بجائے نفرت ہو جاتی ہے، گھر میں اکثر لڑائیاں ہوتی ہیں، بچوں کی تربیت سے غفلت، بیمار رہنا، ہر وقت منفی سوچوں میں گم رہنا، دین سے دور ہونا۔ شوہر کے خلاف رہنا، بچوں کو مارنا پیٹنا اور اسی طرح کی اور بھی علامات ہیں۔

بے شمار عاملین ایسے ہیں جو ان اثرات کا شکار ہیں۔ ان کے اہل وعیال ان کی موجودگی میں متاثر ہو رہے ہیں۔ یہاں میرا سوال ہے تمام ایسے عاملین سے، جو جادو اور جنات کا علاج کرتے ہیں اور شادی شدہ اور بچوں والے ہیں کہ جب آپ کی موجودگی میں کسی کے اہل وعیال پر کم اور کسی کے اہل وعیال پر زیادہ بداثرات پڑتے رہتے ہیں تو کبھی آپ نے سوچا کہ آپ کے مرنے کے بعد کیا ہوگا؟ یا آپ موت کو بھول گئے ہیں۔ موت تو ایک ایسی حقیقت ہے جس سے کسی کو انکار نہیں البتہ غفلت ضرور ہے۔

سوچیں اور اپنے اردگرد دیکھیں ان عاملین کو جن کا اس وقت اپنا برا حال ہے، جن کے اہل وعیال مسلسل پریشانیوں میں گھرے ہوئے ہیں، جن کی ایسی بندشیں لگ گئی ہیں کہ وہ علاج ہی نہیں کر پا رہے۔

اگر آپ کی حیات میں آپ کے اہل وعیال محفوظ ہیں تو بہت اچھی بات ہے مگر کیا آپ کے بعد بھی رہیں گے؟

اس کا ایک حل ہمارے سلسلے میں ہے اور وہ ”سات سلام اور چہل کاف“ کے عمل کی اجازت ہے، جو خواتین کے لیے بہت فائدہ مند ثابت ہو رہا ہے۔ چہل کاف ناپاکی کے دنوں میں بھی پڑھا جا سکتا ہے۔ چہل کاف کے فائدے تو ہر اچھے عامل کو معلوم ہیں۔ اس اجازت سے وہ اپنا اور بچوں کا علاج جاری رکھ سکتی ہے اور آپ اپنی حیات میں ہی اس کو علاج کرنا سکھا

سکتے ہیں۔ ساتھ ہی خواتین کے لیے بغیر فیس والے اعمال میں سے آیت الکرسی، معوذتین اور حصار کا عمل کروادیں۔ ان شاء اللہ، یہ کافی ہوگا۔

چہل کاف کا ہتھیار ہم دی دیں گے، سکھا آپ دیں۔ یہ آپ کا اپنے اہل وعیال پر بہت احسان ہوگا۔ ورنہ کیا آپ یہ چاہیں گے کہ آپ کے بعد، آپ کی اہلیہ عاملین کے پاس دھکے کھاتی پھرے؟

ہم نے اپنے سلسلے کے مطابق عاملین کو حل پیش کیا ہے۔ یہ ضروری نہیں کہ یہی کیا جائے۔ جو جہاں سے بھی سیکھ رہا ہے، وہ وہیں سے اپنی اہلیہ کے لیے ایک ایسا عمل لے، جس کے پیچھے جنات ہوں اور حصار کے دو یا تین عمل کروائے۔ جو عامل اس درجے پر ہیں کہ وہ خود لوگوں کو سکھا سکتے ہیں، وہ اپنی اہلیہ کو ضرور سکھائیں۔

بیوی کے علاوہ جب بچے بڑے ہوتے جائیں تو ان کو بھی یہی اعمال کروادیں۔ انہوں نے بھی اس دنیا میں آگے بڑھنا ہے۔ بے شمار حاسدین سے واسطہ پڑنا ہے۔ ان کے لیے آپ تو رہنمائی کر سکتے ہیں، مگر آپ کے بعد کون کرے گا؟ یہ بات سب عاملین جانتے ہیں کہ عامل بہت مشکل سے سکھاتے ہیں۔ پھر کیا پتہ کہ صحیح عامل مل جائے؟ ایسے ایسے عامل ہیں جو بڑے بڑے اعمال کروادیتے ہیں مگر حاصل کچھ نہیں ہوتا۔

مجھے اس مضمون کو لکھنے کا خیال اس طرح آیا کہ ایک خاندان کے سب افراد (والدہ، خود، بیوی، دو بچوں) نے اجازت لی۔ سب پابندی سے سات سلام اور چہل کاف پڑھ رہے ہیں۔ جادو کرنے والے تھک گئے مگر ان کا وار کسی طرح ان لوگوں پر نہیں چل رہا۔ وہ تو تب بھی ایک مریض ہیں۔ اگر یہی کام عامل حضرات بھی کرلیں تو ان کی یہ شکایت بھی ختم ہوجائے گی کہ ہم عمل کرتے ہیں تو بیوی یا بچوں پر اثر پڑ جاتا ہے۔ ہمارے عمل اچھے چلتے ہیں مگر کچھ عرصہ بعد چلنا بند ہوجاتے ہیں۔ ہمیں علاج میں خود تکلیف شروع ہوجاتی ہے کیونکہ گھر کے ہر فرد کے ساتھ روحانی طاقتیں ہوں تو پھر کون پاگل جن اس گھر کا رخ کرے گا۔ کھل کر بڑے سے بڑے کیس کا علاج کریں۔

میرا کام ایک اہم پیغام آپ کو دینا تھا۔ اللہ جل جلالہ سے دعا ہے کہ ہم سب کو صحیح سمجھ عطا فرمائیں اور عمل کی توفیق عطا فرمائیں۔ آمین

دسمبر 2017ء کے خاص اوقات

اہم نظرات سیارگان

نظر سیارگان	ابتداء	مکمل	خاتمہ
عطارد قران زحل	04-12-17 18:22	06-12-17 17:06	07-12-17 22:38
عطارد تسدیس مریخ	06-12-17 00:15	06-12-17 20:58	17-12-17 15:16
عطارد قران شمس	12-12-17 20:49	13-12-17 06:49	13-12-17 16:49
عطارد قران زہرہ	15-12-17 09:38	15-12-17 19:09	16-12-17 04:50
شمس قران زحل	20-12-17 23:30	22-12-17 02:09	23-12-17 04:48
زہرہ قران زحل	25-12-17 01:53	25-12-17 22:56	26-12-17 19:58

شرفِ سیارگان

شرف سیارگان	ابتداء	خاتمہ
حضیض زہرہ	18-12-17 05:50:18	19-12-17 01:54:43

حالتِ قمر

	تاریخ داخلہ	وقت داخلہ	تاریخ خروج	وقت خروج
شرف قمر	01 دسمبر 28 دسمبر	04:58 14:50	01 دسمبر 28 دسمبر	06:37 16:33
قمر در ثور	01 دسمبر 28 دسمبر	01:38 11:23	03 دسمبر 30 دسمبر	02:20 13:30
قمر در عقرب	13 دسمبر	18:58	16 دسمبر	06:07
ہبوط قمر	13 دسمبر	22:51	14 دسمبر	22:26

"خواتین اور اولاد" شرفِ قمر میں سے متعلق عملیات

خالد مقبول حفظہ اللہ (سرپرست دار العمل چشتیہ)

	تاریخ داخلہ	وقت داخلہ	تاریخ خروج	وقت خروج
شرف قمر	01 دسمبر	04:58	01 دسمبر	06:37
	28 دسمبر	14:50	28 دسمبر	16:33

ماہِ دسمبر میں دو بار شرفِ قمر کا وقت آ رہا ہے۔ یہ وقت ہر قسم کے سعد اعمال کرنے کا ہے۔ عوام اور عاملین اس وقت سے فائدہ اٹھائیں اور درج ذیل تمام اعمال زیادہ سے زیادہ تیار کر کے رکھ لیں اور بوقت ضرورت، سائلین کی روحانی مدد فرمائیں۔ سب کو عام اجازت ہے۔

ضروری ہدایات

ہر عمل کو باوضو حالت میں، قبلہ رُو ہو کر تیار کریں۔ جس وقت تیار کریں، اس وقت پاس کوئی بھی اچھی سی خوشبو سلگائیں۔ خود بھی خوشبو کپڑوں پر لگائیں۔ موبائل بند رکھیں۔ کسی قسم کے گانے بجانے کی آواز نہیں آنی چاہیے۔ پہننے والے تعویذ کو لکھ کر تھوڑی سی خوشبو کی دھونی دے کر محفوظ کر لیں۔

اس ماہ ایسے اعمال کا انتخاب کیا گیا ہے، جو خواتین اور اولاد سے متعلق ہیں۔

حمل اسقاط ہونے سے حفاظت

زعفران سے شرفِ قمر کے وقت اس تعویذ کو زیادہ تیار کر کے رکھ لیں۔ بوقتِ ضرورت، حاملہ کو یہ تعویذ گلے میں یا کمر میں باندھنے کے لیے دیں۔ ان شاء اللہ، حمل ساقط نہ ہوگا۔ یہی تعویذ جانور کے گلے میں بھی باندھ سکتے ہیں۔

وَلَبِثُوا فِي كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِيْنَ وَازْدَادُوا تِسْعًا ﴿۲۵﴾

(الکہف: ۲۵)

درختوں کے پھلوں کی گرنے سے حفاظت

اگر کسی درخت کے پھل گرتے ہوں اور مسلسل نقصان ہو رہا ہو تو درج بالا تعویذ درخت پر باندھا جائے۔ ان شاء اللہ، پھل گرنے سے محفوظ رہیں گے۔

پیٹ میں مردہ بچہ باہر آجائے

اگر خدانخواستہ کسی عورت کے ساتھ ایسی صورتحال ہو کہ اس کا بچہ پیٹ میں مر گیا ہو تو اس تعویذ کو دھو کر پلائیں۔ خدا کے فضل سے بچہ باہر آئے گا۔ اس طرح کے مسائل اگرچہ عاملین کے پاس کم ہی آتے ہیں مگر تو آ سکتے ہیں۔ ایسی صورتحال میں طبی علاج نہ کرنا حماقت ہوتی ہے۔ روحانی علاج بھی کیا جائے اور طبی علاج بھی۔

تعویذ یہ ہے:

ح ح ح غ ع د د ک ر د ط
۲۵۱ کہ ا ک ک د و

برائے استقرارِ حمل

حمل قائم ہونے کے لیے اس تعویذ کو تیار کریں۔ اس تعویذ کو لکھ کر عورت اور مرد...... دونوں کے گلے میں ڈالیں یا دونوں اپنے پاس رکھیں۔ ان شاء اللہ، حمل قرار پائے گا۔

یاقابض	یاقابض	یاقابض
یاقابض	یاقابض	یاقابض
یاقابض	یاقابض	یاقابض

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

يٰيَحْيٰى خُذِ الْكِتٰبَ بِقُوَّةٍ ۭ وَاٰتَيْنٰهُ الْحُكْمَ صَبِيًّا ﴿۱۲﴾ (مریم: ۱۲)

وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ محمد و آلہ و اصحابہ اجمعین

دارالعمل چشتیہ کی مجرب روحانی اگربتیاں

(1) روحانی اگربتی برائے حصول برکت

(پیکنگ: فی پیکٹ 30 اگربتیاں) قیمت: 200 روپے

بعض دفعہ ایسا ہوتا ہے کہ جادو اور جنات کا معاملہ بھی نہیں ہوتا اور نحوست بھی نہیں ہوتی، پھر بھی بے برکتی نظر آتی ہے۔ اسی طرح جو لوگ یہ چاہتے ہیں کہ مزید برکت بڑھے، خاص کر دکان دار اور کاروباری حضرات یہ اگربتی استعمال کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، اس کے استعمال سے بے برکتی دور ہوگی اور برکت بڑھے گی۔ ان اگربتیوں پر ایسے کلام کے دم کیے گئے ہیں جو حصول برکت کے لیے نہایت مجرب ہیں۔ صبح وشام ایک ایک اگربتی مطلوبہ جگہ پر جلائیں۔

(2) روحانی اگربتی دفع نحوست

(پیکنگ: فی پیکٹ 30 اگربتیاں) قیمت: 200 روپے

نحوست کسی بھی قسم کی ہو، اس جگہ پر رہنے والوں اور اس جگہ پر کاروبار کرتے والوں کو بری طرح متاثر کرتی ہے۔ جس کی وجہ سے مسلسل پریشانیوں کا ہی سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اسی طرح نحس اوقات میں کوئی کام کرنا مجبوری ہے تو اس وقت اس اگربتی کو جلا کر وہ کام کریں۔ ان شاء اللہ، نحس اثرات اس کام پر اثر انداز نہیں ہوں گے۔ ہر طرح کے نحس اثرات اور نحوست کے خاتمے کے لیے اس اگربتی کا استعمال مفید ہے۔ صبح و شام ایک ایک اگربتی متاثرہ جگہ پر جلائیں۔ ایک پیکٹ میں 30 اگربتیاں ہیں۔

(3) روحانی اگربتی برائے دفع جنات، جادو و ہر قسم بد اثرات

(پیکنگ: فی پیکٹ 30 اگربتیاں) قیمت: 150 روپے

جادو، جنات، آسیب، شیاطین، نظر بد، حسد، گھر میں بے اتفاقی، لڑائی جھگڑے، گھر کا بھاری پن، گھر میں رہنے والوں میں بے چینی کی کیفیت، گھر سے بھاگنے کو دل کرنا، گھر میں یا جگہ پر تعویذات، انڈے، دال، مٹی، گوشت وغیرہ پڑے ملنا، ڈراؤنے خواب، معاملات میں رکاوٹیں، مسلسل ناکامیاں اور اس طرح کی دیگر کئی علامات کے لیے اس اگربتی کا استعمال بہت مفید ہے۔ روزانہ ایک اگربتی صبح و شام گھر یا جگہ پر جلائی جائے۔ اگر مریض کے لیے بھی استعمال کرنی ہو تو صبح و شام مریض کے پاس جلائیں۔ دیگر تفصیلات اگربتی کے پیکٹ کے ہمراہ دی جائیں گی۔ ایک پیکٹ میں 30 اگربتیاں ہیں۔

روحانی مریضوں کو استعمال کروائی جانے والی خاص بنی بنائی بتیاں

(1) کالی بتی — قیمت: 4 روپے

ہر قسم کے جادو کے مریضوں سے جادو، بندش، بوجہ جادو ہونیوالی ڈیپریشن، بوجہ جادو جسم پر پڑنے والے بوجھ، بوجہ جادو رہنے والی بے خوابی کو ختم کرتی ہے۔

(2) نیلی بتی — قیمت: 4 روپے

ہر قسم کے جناتی مریضوں سے، جناتی اثرات، بندش، جناتی اثرات رہنے والی ڈیپریشن، بوجہ جناتی اثرات رہنے والے بوجھ کو ختم کرتی ہے۔

(3) سبز بتی — قیمت: 4 روپے

رہائشی اور کاروباری جگہ سے ہر قسم کے، جناتی اثرات، آسیبی اثرات، جادو کے اثرات، شیطانی اثرات، نحس اثرات، بندشیں اور رکاوٹوں کو ختم کرتی ہے۔

(4) پیلی بتی — قیمت: 4 روپے

کالے جادو کے اثرات بوجہ گندی جگہ لیٹرین و غسل خانے میں لازمی ہوتے ہیں ان کو ختم کرتی ہے۔ غلط چیزوں، بدروحوں، خبیث چیزوں کو ختم کرتی ہے۔

(5) کالی، نیلی بتی (مکس) — قیمت: 7 روپے

ہر قسم کے جادو اور جناتی مریضوں سے، جادو و جناتی، بوجہ جادو و جناتی اثرات سے لگنے والی بندش، بوجہ جادو یا جناتی اثرات سے ہونیوالی ڈیپریشن کو ختم کرتی ہے۔

(6) حاضری کی خاص بتی — قیمت: 4 روپے

مریض کو تنگ کرنے والے، جن، آسیب، غیر مسلط شدہ، بڑے سے بڑے جن، شیطانی مخلوق، مخلوق جو بڑی مشکل سے حاضر ہوتی فوری حاضر کرنے والی خاص بتی۔

(7) ہر قسم بندش وجادو والی بتی — قیمت: 4 روپے

اگر آپ بندش کے شکار ہیں۔ بوجہ جادو بندش ہے، بذریعہ جنات بندش لگائی گئی ہے۔ اولاد کی بندش ہے، بے چینی محسوس یہ بتی آپ کیلئے انتہائی مفید ہے۔

دار العمل چشتیہ کی علاج گاہ کے عاملین کے خاص الخاص دم شدہ روحانی تیل کی مختلف ورائٹی جو ہر گھر کی اشد ضرورت ہے

روحانی تیل (1) برائے دفع جادو/جنات — قیمت: 120 روپے

☆ جادو/جنات کے دورہ والے مریضوں کیلئے پیام شفا ہے۔ ☆ جادو/جنات کے اثرات کو جسم سے چُن چُن کر ختم کرتا ہے۔ ☆ جادو/جنات کے اثرات کی وجہ سے جسم میں پیدا ہونے والی بے چینی کو ختم کرتا ہے۔ ☆ جادو/جنات کے اثرات کی وجہ سے تھکاوٹ سے چور بدن کو آرام پہنچاتا ہے۔ ☆ جادو/جنات کے اثرات کی وجہ سے جسم پر ہونے والی خارش کو ختم کرتا ہے

روحانی تیل (2) برائے سکون — قیمت: 300 روپے

☆ جادو/جنات کے اثرات کو دماغ سے نکالتا ہے۔ ☆ جادو/جنات کے اثرات کی وجہ سے پیدا ہونے والی بے خوابی کو دور کرتا ہے۔ ☆ جادو/جنات کے اثرات کی وجہ سے پیدا ہونے والے ذہنی دباؤ اور ڈیپریشن کو ختم کرتا ہے۔ ☆ جادو/جنات کے اثرات کی وجہ سے ہمیشہ سرگرم رہنے کو اعتدال پر لاتا ہے۔

روحانی تیل (3) برائے دفع درد ہر قسم — قیمت: 250 روپے

☆ متاثرہ مریضوں کیلئے انتہائی فائدہ مند ہے۔ ☆ جادو جنات سے متاثر جوڑوں کے درد میں مبتلا مریضوں کے لیے اکسیر ہے۔ ☆ جسم کے تمام دردوں کو ختم کرتا ہے ☆ پٹھوں کے درد کو فی الفور آرام دیتا ہے۔ ☆ پسلیوں کے درد کو دور کرتا ہے۔ ☆ ہر قسم کے ریاحی دردوں میں تریاق کا کام دیتا ہے۔

روحانی تیل (4) برائے تقویت دماغ — قیمت: 300 روپے

☆ جادو/جنات کی وجہ سے معدہ میں ہونے والی پرابلم کو دور کرتا ہے۔ ☆ جادو/جنات کی وجہ سے ثقل سماعت کو ٹھیک کرتا ہے۔ ☆ جادو/جنات کی وجہ سے دماغی کمزوری کو ختم کرتا ہے۔ ☆ جادو/جنات کی وجہ سے معدہ میں زخم اور سوزش میں مفید ہے۔ ☆ جادو/جنات کی وجہ سے کان میں درد، کان میں آوازیں آنا، کان کے بہنے اور بہرے پن کیلئے اچھا ہے۔ ☆ جادو/جنات کے اثرات کی وجہ سے دوران حمل استعمال کروانا بہتر ہے۔ ☆ روحانی تیل نمبر 1، روحانی سکونی تیل (2) اور روحانی روغن بادام (4) میں ملا کر استعمال کرنا انتہائی فائدہ مند ہے۔

روحانی تیل (5) برائے اعصاب

قیمت (بڑی پیکنگ): 450 روپے، (چھوٹی پیکنگ): 300 روپے

☆ جادو/جنات سے متاثر اعصابی مریضوں کیلئے انتہائی فائدہ مند ہے۔

☆ جادو/جنات سے متاثر پٹھوں کے مریض پٹھوں کی مالش کریں ☆ جادو/جنات کے معالجین کے لیے ایک قیمتی تحفہ ہے۔ ☆ چلہ کشی کی وجہ سے پیدا ہونے والے دردوں کیلئے اکسیر ہے۔ ☆ متاثرہ مریض کو اثرات کی وجہ سے مستقل معذوری سے بچاتا ہے۔ ☆ مستقل ریاضت کی وجہ سے ہونے والی تمام دردوں، تھکاوٹوں کو فی الفور ختم کرتا ہے۔

روحانی تیل (6) برائے آسیبی مریض — قیمت: 120 روپے

آسیبی اثرات کم ہوں یا زیادہ، ان کو جڑ سے ختم کرتا ہے۔ آسیبی اثرات نئے ہوں یا پرانے، ان کیلئے اکسیر ہے۔ آسیبی اثرات کی وجہ سے جسم پر پڑنے والے اثرات ختم کرتا ہے۔ آسیبی اثرات کی وجہ سے جسم پر ہونے والی خارش ختم کرتا ہے۔ آسیبی اثرات کی وجہ سے جسم پر ہونے والی جلن ختم کرتا ہے۔ آسیبی اثرات کی وجہ سے گرنے والے سر کے بالوں کو روکتا ہے۔ آسیبی اثرات کی وجہ سے کانوں میں آنے والی آواز کو ختم کرتا ہے۔

روحانی تیل (7) برائے مرگی، جنون، پاگل پن — قیمت: 300 روپے

دار العمل چشتیہ کے عاملین کے خاص کلام سے یہ خاص روحانی تیل تیار کیا گیا ہے جو کہ ہر کوئی استعمال کر سکتا ہے

مرگی کے مریض کے لئے یہ روحانی تیل بہت ہی مؤثر و مفید ہے۔

جنونی کیفیت میں مبتلا مریض کے لئے یہ روحانی تیل بہت ہی مؤثر و مفید ہے۔

پاگل پن میں مبتلا مریض کے لئے یہ روحانی تیل بہت ہی مؤثر و مفید ہے۔ عجیب و غریب حرکات والے مریض کے لئے یہ روحانی تیل بہت ہی مؤثر و مفید ہے۔

رجعت کے شکار مریضوں کے لئے یہ روحانی تیل بہت ہی مؤثر و مفید ہے۔

نفسیاتی مریضوں کے علاج کیساتھ ساتھ یہ روحانی تیل بہت ہی مؤثر و مفید ہے۔

خاص خاص تعویذات

تعویذ نمبر 1 جلد شادی کا قرآنی تعویذ

والدین بچیوں کی پیدائش کے بعد سے ہی ان کے اچھے نصیب اور اچھے رشتوں کے لئے دعائیں شروع کر دیتے ہیں۔ دارالعمل چشتیہ کا خاص قرآنی تعویذ اور خاص دم، وظیفہ کے ساتھ منگوائیں۔ ایسے افراد جو شادی کے لئے رشتہ تلاش کر رہے ہیں، وہ اور ان کے عزیز و اقارب یہ تعویذ حاصل کریں اور تعویذ کی کرامت ملاحظہ فرمائیں۔

تعویذ نمبر 2 شادی کی ہر طرح کی رکاوٹ دور کرنے کا قرآنی تعویذ

شادی میں رکاوٹ روحانی طور پر پیدا کرنا حاسدین کا محبوب ترین مشغلہ ہے۔ اس میں نوجوان لڑکیوں کے رشتے باندھ دینا، ان کے رشتے نہ آنا، اگر رشتے آئیں تو پسند نہ آئیں، اگر پسند آجائیں تو واپسی جواب نہ آنا، اگر بات طے ہو جائے تو نکاح تک بات نہ پہنچنا۔ عرصہ دراز سے شادی میں رکاوٹوں کے حل کے لئے خاص تعویذ۔

تعویذ نمبر 3 رزق کی ہر طرح کی رکاوٹ دور کرنے کا قرآنی تعویذ

رزق کا اپنے محلہ، اپنے شہر اور اپنے ملک میں مل جانا اور برکت والا ہونا بہت بڑی نعمت ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمارے سب دوستوں اور احباب کے رزق کے معاملات کو آسان اور عافیت والا بنا دے، آمین۔ یہ ایک ایسا کرشماتی قرآنی تعویذ ہے کہ اگر رزق کے حوالے سے بہتر تدبیر اور خوبصورت پلان اختیار کر کے اس کے ساتھ دیا جانے والا وظیفہ بھرپور یقین سے پڑھا جائے تو اس کے فوائد دو چند ہو جاتے ہیں۔ لہٰذا یقین کے ساتھ وظیفہ کرنے والے حضرات اس تعویذ اور وظیفہ سے استفادہ کریں۔

تعویذ نمبر 4 ہر طرح کی پریشانی، مصیبت اور مشکل کے خاتمے اور جائز حاجت پوری ہونے کا خاص قرآنی تعویذ

آج کا دور مسلمانوں کی شامت اعمال کی بناء پریشانیوں، تکالیف، مصائب اور دکھوں کا دور ہے۔ ہر بندہ پریشانی، بے برکتی، مصیبت، دکھ اور تکلیف کی شکایت کرتا نظر آتا ہے۔ اس تعویذ کے بارے میں یوں کہنا بے جا نہ ہوگا کہ ہر طرح کی حاجت، ضرورت اور جائز سوچ کی تکمیل میں یہ تعویذ معاون ہے اور بارہا کا مجرب ہے۔ اس تعویذ کے ساتھ وظیفہ بھی دیا جاتا ہے تاکہ تعویذ سے کماحقہ فائدہ اُٹھایا جا سکے۔

تعویذ نمبر 5 اولادِ نرینہ کا خاص تعویذ

الحمدللہ، ادارے کے سالہا سال کے مجرب تعویذات میں سے ایک خاص قرآنی تعویذ جو کبھی خطاء نہیں ہوا۔ جس کو بھی دیا، اللہ تعالیٰ نے اس کو چاند سا خوبصورت بیٹا عطاء فرمایا ہے۔ جس کو بھی دیا اس نے ادارے کو مزید ترقی اور سایہ رحمت بن کر مسلمانوں کی خدمت کرنے کی دعا دی ہے۔ لہٰذا آپ یا آپ کے عزیز و اقارب میں سے جو کوئی بھی اولادِ نرینہ سے محروم ہو، وہ فوری طور پر ادارے سے رابطہ کرے۔ قرآن پاک کے معجزے کو کھلی آنکھوں دیکھیں کہ قرآن ہر زمانے میں ہر ایک کے لئے شفاء ہے۔ یہ تعویذ حمل کے پہلے دو ماہ کے اندر لیا جائے تو اس سے مکمل فائدہ حاصل کیا جا سکتا ہے۔

تعویذ نمبر 6 جادو جنات سے شفاء اور حفاظت کا خاص قرآنی تعویذ

جنات کا ظاہری طور پر تنگ کرنا، چیزیں آگے پیچھے کر دینا، غائب کر دینا، روپے پیسے کے حوالے سے گھر میں گم ہو جانے کی شکایت وغیرہ ایسی علامات ہیں کہ ان سے حفاظت مل جانا خدا کی خاص رحمت ہے اور قرآن کا معجزہ ہے۔ اس کے ساتھ خصوصی ورد اور وظیفہ منگوائیں اور بتائے ہوئے طریقے پر عمل شروع کریں۔

تعویذ نمبر 7 جنات کے ڈسے ہوؤں کیلئے تریاق

اگر آپ جادو کے اثرات کا شکار ہیں، اگر آپ جنات کے اثرات کا شکار ہیں اگر آپ سایہ وغیرہ کے اثرات کا شکار ہیں۔ اگر آپ آسیب وغیرہ کے اثرات کا شکار ہیں۔ اگر آپ مال تجارت میں ہر قسم کے خسارے اور نقصانات سے بچنا چاہتے ہیں اگر آپ مندرجہ بالا اثرات و بلیات سے محفوظ رہنا چاہتے ہیں تو روحانی علاج کے بعد تعویذ نمبر 7 آپ کیلئے بہت فائدہ مند ہے۔

تعویذ نمبر 8 رزق کی برکت کا خاص دروازہ

اگر آپ جملہ مقاصد میں کامیابی و کامرانی چاہتے ہیں تو تعویذ نمبر 8 آپ کیلئے نفع مند ہے۔ اگر آپ وسعتِ رزق اور فراخی رزق چاہتے ہیں۔ اگر آپ مخلوقِ خدا میں مقبولیت و شہرت چاہتے ہیں۔ اگر آپ روزگار میں ترقی اور بڑھوتری چاہتے ہیں۔ اگر آپ غربت اور مفلسی دور بھگانا چاہتے ہیں۔ اگر آپ محتاجی سے تا زندگی بچاؤ چاہتے ہیں۔ اگر آپ ہر قسم کی حاجات و ضروریات و خواہشات کی تکمیل چاہتے ہیں تو دیر نہ کیجئے تعویذ نمبر 8 آپ کی قسمت جگا دے گا۔

دارالعمل چشتیہ کا 11 واں سالانہ اجتماع اور اس کے مقاصد

تحریر: مولانا سلیم اللہ ظفر

دارالعمل چشتیہ کے 11 ویں سالانہ اجتماع کی کارگزاری لکھنے سے پہلے میں یہ ضروری سمجھتا ہوں کہ سب سے پہلے میں اس شخصیت، اس ہستی کا آپ سب کو مختصر تعارف کرواؤں کہ جن کی برکت سے اور جن کی شفقت سے اور جن کی دعاؤں اور خصوصی کاوشوں سے یہ سالانہ اجتماع منعقد ہوتا ہے اور ملک بھر سے روحانی علوم سیکھنے اور ان کی ریاضت کیلئے کثیر تعداد میں لوگ تشریف لاتے ہیں۔ حضرت والا کے تعارف کے بعد حضرت کے ادارے دارالعمل چشتیہ کا مختصر تعارف آپ کے سامنے پیش کروں گا۔ دارالعمل کے تعارف کے بعد دارالعمل کی سرپرستی اور حضرت والا کے دعاؤں کے سایہ میں منعقد ہونے والے سالانہ اجتماع کے مختصر مقاصد آپ کے سامنے عرض کروں گا! اجتماع کے مقاصد بیان کرنے کے بعد اجتماع کی مختصر کارگزاری اور روحانی علوم سیکھنے کے شائقین کی خدمت میں چند معروضات پیش کروں گا۔

بانی وسرپرست اعلیٰ کا مختصر تعارف

پیرومرشد حضرت ڈاکٹر خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ تعالیٰ سلسلہ چشتیہ، نقشبندیہ، سہروردیہ، قادریہ، شاذلیہ اور طریقت کے دیگر سلاسل کے پیر طریقت بھی ہیں اور سلاسل تصوف کے صوفی بھی ہیں۔ روحانی علوم میں مہارت تامہ رکھنے والے طبیب روحانی بھی ہیں۔ میڈیکلی فیلڈ کے معالج جسمانی بھی ہیں۔ روحانی علوم سکھانے کے ایک بہترین مثالی استاد بھی ہیں۔ صحافت کی دنیا کے ایک بہترین صحافی بھی ہیں۔ قلم کی دنیا کے بادشاہ بھی ہیں، روحانی لیکچر دینے والے ایک بہترین لیکچرار بھی ہیں۔ روحانی دنیا کی الجھی گتھلیوں کو سلجھانے اور روحانی علوم کے تمام نکات سے واقفیت تامہ رکھنے والی نابغہ روزگار شخصیت بھی ہیں۔ بڑے سے بڑے جادو کی کاٹ پلٹ کے ماہر بھی ہیں، روحانی علوم کا پرچار کرنے والے اور روحانی علوم کو دنیا بھر میں متعارف کرانے اور پھیلانے والے ایک علمی روحانی جریدے اور رسالے کے مدیر اعلیٰ بھی ہیں۔ حضرت صاحب علمی شخصیت ہیں، صاحب عمل شخصیت ہیں، صاحب تقویٰ شخصیت ہیں، صاحب کردار شخصیت ہیں اور بلا مبالغہ ایک بہترین اور بہت ہی بہترین آئیڈیل شخصیت ہیں۔ حضرت والا نے روحانی علوم سیکھنے کے لیے ملک بھر میں اس دور میں اسفار فرمائے کہ جب ٹرانسپورٹ یعنی گاڑیوں اور بسوں کی سہولت عام نہ تھی، روحانی علوم سیکھنے کے شوق میں شہر شہر، بستی بستی، قریہ قریہ گھومے اور دردر کی خاک چھانی۔

